THE
YOUTH PARLIAMENT OF PAKISTAN
DEBATES

OFFICIAL REPORT

Tuesday, February 21, 2012
(4th Session)
No. 02
(Nos. 02-05)

CONTENTS

		Pages
1.	Recitation from the Holy Quran……………………..	1
2.	Oath taking ………..…………	
3.	Address of the Guest Speaker: Address by Mr. Ahmed Bilal Mehboob, Executive Director, PILDAT on "New Electoral Rolls in Pakistan" ……..……………………	
4.	Resolution ……………………………………………	
5.	………………..…………..	
6.	…………………………………	

(Prepared by the Reporting Section Senate of Pakistan)

YOUTH PARLIAMENT

YOUTH DEBATES

Tuesday, February 21, 2012

The Youth Parliament met in the Margalla Hotel Hall Islamabad at ten in the morning with Mr. Speaker (Mr. Wazir Ahmed Jogazai) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

اَعُوْذُبِا للّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ۔

بِسْمِ ا للّٰہِ اَلرَّحْمٰنِ اَلرَّحِیْمِ۔

قُلْ ہُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ۔ اَللّٰہُ الصَّمَدُ۔ لَمْ یَلِدْ وَ لَمْ یُوْلَدْ۔ وَ لَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ۔

ترجمہ: کہو کہ وہ (ذات پاک جس کا نام) اللہ (ہے) ایک ہے۔
(وہ) معبود برحق جو بےنیاز ہے۔ نہ کسی کا باپ ہے اور نہ
کسی کا بیٹا۔ اور کوئی اس کا ہمسر نہیں۔ (سورۃ اخلاص)

Oath of Members

جناب سپیکر: اللہ کے نام سے شروع کرتے ہوئے انشاءاللہ oath لیں گے، would you rise from your seats.

(At this stage the oath was administered)

جناب سپیکر: اب آپ اپنے اپنے rolls پر دستخط کریں۔

Mr. Speaker: Honourable members we have in-house speaker today is Mr. Ahmed Bilal Mehbood Sahib, Executive Director PILDAT. Mr. Ahmed Bilal Mehboob Sahib by education is an engineer. When he came to Pakistan to promote the overseas Pakistanis interests he got developed his interest in his own country and he started PILDAT and now its ten years Mr. Ahmed Bilal

Mehboob, Mst. Asia and their team have brought PILDAT to a recognition that it is recognized world over and is done so many deeds and so many good jobs on various things, especially on legislative development and oversight and brought in to the parliamentary systems, committees. I think if Bilal Sahib and his team were not there the legislative development would not have attracted the Americans and because of their interest that the Americans invested into the legislative development and a huge structure is coming up. I wish it was in the domain of PILDAT but they are keeping it away, we being always jokingly telling him that Ahmed Bilal Mehboob Sahib should be the election commission altogether by himself. Now the floor is his and he will explain to you "The Electoral Rolls and its Problems". Mr. Ahmed Bilal Mehboob Sahib.

Address of the Guest Speaker: Address by Mr. Ahmed Bilal Mehboob, Executive Director, PILDAT on "New Electoral Rolls in Pakistan".

جناب احمد بلال محمود(Executive Director PILDAT): بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب سپیکر! اس فراخدالانہ تعارف کے لیے میں آپ کا شکر گزار ہوں۔ آج انتخابی فہرستوں کا موضوع اس لیے منتخب کیا گیا ہے کیونکہ آج سے چند دنوں کے بعد انتخابی فہرستوں کی preliminary version پاکستان میں پچپن ہزار کے قریب جگہوں پر آویزاں کی جائے گی۔ آپ اس میں دیکھ سکیں گے کہ آپ کا نام اس میں درج ہے یا نہیں ہے اور اگر درج ہے تو وہ صحیح درج ہے۔ اس میں مختلف کوائف ٹھیک لکھے ہوئے ہیں۔ اگر آپ اس میں کوئی تبدیلی کروانا چاہتے ہیں تو آپ وہ بھی کروا سکیں گے۔ چونکہ یہ چیز عنقریب ہونے والی ہے اور ایک بڑا موقع ہے جس میں آپ اپنی انتخابی فہرستوں کو درست کر سکیں گے، اس لیے یہ مناسب سمجھا گیا کہ آج ہم اس پہلے اجلاس کے دوران اس بارے میں ایک تعارف اور briefing دیں تاکہ آپ بہتر طریقے سے انتخابی فہرستوں میں نہ صرف اپنا نام درج کروا سکیں بلکہ اپنے قریبی لوگوں کی بھی مدد کرسکیں کہ وہ انتخابی فہرستوں میں اپنا نام درج کرا سکیں اور یوں انتخابی فہرست ایک ایسی دستاویز بن جائے جس کی بنیاد پر free and fair election ہو سکیں۔

آپ سب جانتے ہیں اور جناب سپیکر،! آپ سب سے زیادہ جانتے ہیں کیونکہ آپ انتخابی عمل میں شریک رہے ہیں۔ اگر انتخابی فہرستیں صحیح ہوں، up to date ہوں اور مکمل ہوں تو تقریباً free and fair election کا آدھا کام مکمل ہو جاتا ہے۔ اگر انتخابی فہرستیں ہی ٹھیک نہ ہوں، چونکہ یہ انتخابی عمل کی بنیاد ہوتی ہیں لہٰذا اگر آپ باقی کام سیدھا بھی کر دیں گے تو بھی انتخابی عمل ٹھیک سے مکمل نہیں ہوگا۔

آج میں آپ کے سامنے جو باتیں رکھ رہا ہوں، یہ بہت recent چیزیں ہیں اور ماضی قریب میں ہوئی ہیں، اس لیے بہت سے experienced politicians and leadership of parties بھی ان چیزوں کے بارے میں اتنی knowledgeable نہیں ہے۔ ہم نے اس لیے یہ مناسب سمجھا کہ ہم اپنی نئی youth leadership کو خاص طور پر اس بارے میں آگاہی دیں کہ voter list کی حقیقت کیا ہے؟ اس کا background کیا ہے؟ اس وقت وہ کس stage پر ہے اور آپ اس سے کس طرح پورا فائدہ اٹھا سکتے ہیں؟ آپ کو معلوم ہے کہ ووٹر لسٹ پاکستان میں ہمیشہ ایک تنازع کا سبب رہی ہے۔ اس پر مختلف پارٹیاں اعتراض کرتی رہی ہیں کہ یہ list ٹھیک نہیں ہے، اس میں بہت سے bogus vote درج ہیں اور یہ اس لیے درج ہیں کہ وہ چند مخصوص لوگوں کو elect کروانا چاہتے ہیں۔ آپ کو شاید یاد ہو کہ 2006 میں محترمہ بے نظیر بھٹو صاحبہ نے سپریم کورٹ میں ایک petition دائر کی تھی کیونکہ اس وقت جو انتخابی فہرستیں Election Commission کی طرف سے سامنے آئی تھیں، ان میں تقریباً 25% voters کی تعداد کم ہو گئی تھی یعنی 2006 سے پہلے جو ووٹر لسٹ بنی تھی، اس میں 25% زیادہ نام درج تھے اور بعد میں آنے والی list میں یہ نام کم ہو گئے تھے حالانکہ اس میں اضافہ ہونا چاہیے تھا کیونکہ آبادی میں اضافہ ہو گیا تھا تو انہوں نے اس list کو challenge کیا تھا، جس کے نتیجے میں سپریم کورٹ نے اس لسٹ میں تبدیلی کی ہدایت کی تھی، اس کی detail تھوڑی دیر میں بتاؤں گا۔ 2007 میں جو لسٹ بنائی گئی تھی، اس پر تقریباً ایک بلین روپے خرچ ہوئے تھےلیکن وہ فہرست جیسے میں نے ابھی عرض کیا کہ defective and faulty تھی کیونکہ اس میں voters کی تعداد کم ہو گئی تھی۔ اس کے نتیجے میں سپریم کورٹ

نے ایک حکم دیا کہ اس list میں جو نام موجود نہیں ہیں اور پچھلی list جو 2002 میں بنی تھی، اس میں موجود ہیں، ان دونوں کو اس طرح سے amalgamate کر دیا جائے کہ پچھلی list میں جو نام موجود تھے، وہ بھی اس میں آجائیں جو اس list میں موجود نہیں ہیں۔ اس کے نتیجے میں voter list تو تقریباً ساڑھے پانچ کروڑ سے آٹھ کروڑ کے قریب ہو گئی یعنی جو missing voters تھے، جن کے بارے میں خیال کیا جاتا تھا، ان کے نام اس میں شامل ہو گئے تھے لیکن ایک بڑی defective list بن گئی کیونکہ اس میں بہت سے ایسے لوگ تھے جن کا میں ابھی تھوڑی دیر بعد ذکر کروں گا، جن کو اس list میں نہیں ہونا چاہیے تھا۔

اب یہ تقریباًطے شدہ امر ہے کہ voter list بڑی defective ہے اورمیں اس کی تفصیل آپ کو کچھ اعداد و شمار کی مدد سے بتانا چاہتا ہوں۔ 2007 کی جو voter list تھی، وہ تقریباً 81 million voters پر مشتمل تھی یعنی تقریباً آٹھ کروڑ بارہ لاکھ کے قریب۔ ان 81 million voters میں 37 million voters یعنی تقریباً 45.71% وہ votersتھے جن کے پاس computerized National Identity Card موجود تھا لیکن اس میں 29 million کے قریب وہ لوگ تھے جن کے پاس کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ نہیں تھا بلکہ manual جو پرانا شناختی کارڈ ہوتا تھا، وہ موجود تھا اور یہ تقریباً36% بنتے ہیں اور وہ voters جن کے پاس کسی قسم کا کوئی شناختی کارڈ نہیں تھا وہ تقریباً15 million تھے جو کہ total voters کے تقریباً 18.5% بنتے ہیں، یہ اس کا breakdown ہے۔ اس میں 20% کے قریب وہ لوگ تھے جن کے پاس کوئی کارڈ نہیں تھا لہٰذا ان کی identification مشکوک تھی۔ Election Commission نے October, 2010 میںNADRA کے ساتھ نئی انتخابی فہرستیں بنانے کا یک pilot project شروع کیا۔ سب سے پہلے یہ list NADRA کو دی گئی کہ آپ اس کو verify کر کے یہ بتائیں کہ آپ کے پاس کتنے لوگوں کے شناختی کارڈ بنے ہوئے ہیں اور کتنے لوگوں کے نہیں بنے؟ انہوں نے چند ماہ کی تحقیق کے بعد جو اعداد وشمار دیے اس سے یہ پتا چلا کہ اس میں تقریباً 45.78% voters وہ ہیں جن کو verify نہیں کیا جا سکتا اور ان میں صرف 54.21% یعنی 44 million voters وہ تھے جن کو verify کیا جا سکا، مطلب یہ کہ 44 million voters وہ تھے جن کے CNIC اس وقت

تک بن چکے تھے اور وہ NADRA کے record میں تھے، باقی لوگ چونکہ NADRA کے record میں نہیں تھے لہٰذا انہوں نے کہا کہ ہم انہیں verify نہیں کر سکتے۔ Unverified voters کی تفصیل یہ ہے کہ آپ کو پہلے سے معلوم ہے کہ میں نے ابھی ذکر کیا تھا کہ 15 million وہ لوگ تھے جن کے پاس کارڈ ہی نہیں تھا، نہ پرانا نہ نیا تو جو 37 million unverified voters بنے اس کا 40.41% وہ ہیں جن کے پاس کارڈ نہیں تھے اور 24% وہ لوگ تھے جن کے نام ایک سے زائد جگہوں پر درج تھے یعنی duplicate ہوئے ہوئے تھے۔مثال کے طور پر اگرمیں اسلام آباد میں کام کرتا ہوں اور میرا گھر لاہور میں ہے تو میرا نام اسلام آباد میں بھی درج تھا، لاہور میں بھی درج تھا اور اگر کبھی میں کسی اور جگہ مثلاً رحیم یار خان میں رہا ہوں تو وہاں بھی میرا نام درج تھا اور کوئی system نہیں تھا جس سے ایک سے زائد مرتبہ نام درج ہوا ہو اور اسے نکالا جا سکے، جو سب سے big flaw ہماری voter list میں رہا ہے وہ multiple entries کا رہا ہے، کیونکہ ایک آدمی اپنا نام جتنی مرتبہ چاہے درج کروا لیتا تھا اور اس کو کوئی check نہیں کر سکتا تھا، پھر ہوتا یہ تھا کہ چونکہ میرا نام اب لاہور میں درج ہے اور میں اسلام آباد میں ہوں تو لاہور میں کوئی اور آدمی میرے نام پر ووٹ ڈال دیتا تھا۔ یوں bogus voting کا ایک pattern تھا جو ہمارے ملک میں بڑے عرصے سے چل رہا تھا۔ جب ان 37 million unverifiable voters کو اس list سے نکال دیا گیا تو voters کی تعداد 45% کم ہو گئی لیکن اس دوران چونکہ بہت سے لوگوں نے نئے شناختی کارڈ بنوا لیے اور ان کی تعداد بھی تقریباً 36 million تھی تو ان کو add کرنے کے بعد voters کی تعداد دوبارہ 80 million کے قریب ہوگئی۔ اس وقت آپ کے پاس جو voter list تھی وہ 80 million لوگوں کی تھی اور ان سب کے پاس شناختی کارڈ موجود تھے۔ اب اس میں کچھ اضافہ ہوا ہے کیونکہ میں جس voter list کی بات کر رہا ہوں NADRA کی طرف سے اس کی investigation complete ہوئی تھی تو اس کے بعد سے لوگ مستقل نئے شناختی کارڈ بنوا رہے ہیں، اب جو بھی نیا کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ بنواتا ہے تو اسے voter list میں شامل کر لیاجاتا ہے۔

اس میں چار بہت اہم باتیں ہوئی ہیں،یہ آپ سب کے علم میں ہونی چاہییں

اورجو پاکستان کی تاریخ میں landmark کی حیثیت رکھتی ہیں۔ ہم اپنے ملک کے بارے میں عموماً جو negative developments ہوتی ہیں، ان پر بہت افسوس کا اظہار کرتے ہیں، ان پر بہت توجہ دیتے ہیں، دینی بھی چاہیے کیونکہ اگر آپ توجہ دیں گے تو چیزیں بہتر ہوں گی لیکن جو چند اچھی چیزیں ہوتی ہیں، ان پر بھی ضرور غورکرنا چاہیے اور انہیں celebrate بھی کرنا چاہیے۔ اس میں پہلی بات تو یہ ہوئی ہےکہ پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ اب یہ قانون بن گیا ہے کہ ووٹر کے طور پر وہی شخص اپنا نام درج کراسکے گا اور ووٹ ڈال سکے گا جس کے پاسNADRA کا جاری کیا ہواcomputerized National Identification Card ہو گا۔ جس کے پاس یہ کارڈ نہیں ہو گا، وہ اپنا نام voter list میں درج نہیں کرا سکے گا اور نہ وہ ووٹ ڈال سکے گا۔ یہ چیز ماضی میں کبھی نہیں ہوئی اور اس کی وجہ یہ تھی کہ 2008 کے الیکشن سے پہلے بھی ایسا کرنے کی کوشش کی گئی تھی لیکن اس وقت ہماری تقریباً60% کے قریب بالغ آبادی یعنی18 years and above کے کارڈ بنے تھے، 40% کے کارڈ ہی نہیں بنے تھے چنانچہ اس وقت سپریم کورٹ نے یہ کہا کہ ہم کارڈ کی شرط لگا کر اتنی بڑی تعداد کو ووٹ دینے کے حق سے محروم نہیں کر سکتے۔ اب جبکہ یہ قانون منظور ہو گیا ہے تو پاکستان کی جو 18 years plus population ہے اس population کے 95% لوگوں کے پاس شناختی کارڈ موجود ہیں۔ پچھلے پانچ سال کے دوان یہ ایک بہت بڑی development ہوئی ہے کہ ایک آبادی کے ایک بہت بڑے حصے نے شناختی کارڈ بنوا لیے ہیں۔

جناب سپیکر! عموماً یہ ہوتا تھا کہ جو غریب لوگ ہوتے تھے، وہ کارڈ نہیں بنوا سکتے تھے کیونکہ ایک تو کارڈ بنوانے کے لیے پیسے بھی لگتے تھے اور اگر آپ daily wage earner ہیں تو اس کے لیے آپ کو اپنی دیہاڑی چھوڑ کر جانا پڑتا تھا اور پھر ایک آدمی جو زیادہ پڑھا لکھا نہ ہو، وہ ان جھمیلوں میں نہیں پڑتا۔ اس وجہ سے غریب اور خاص کر خواتین کے کارڈ زیادہ نہیں بنے تھے لیکن چونکہ اس حکومت کے اقتدار میں آنے کے بعد Benazir Income Support Programme کے نام سے ایک scheme شروع ہوئی، اس کے merits and demerits اپنی جگہ ہیں، آپ اس پر discuss کر سکتے ہیں لیکن اس programme کی ایک

شرط یہ تھی کہ جن لوگوں کو یہ امداد دی جاتی تھی، ان گھروں میں کسی ایک عورت کو nominate کیا جا سکتا تھا اور اس عورت کے ذریعے امداد دی جاتی تھی اور اس امداد کو لینے کے لیے ضروری تھا کہ اس عورت کے پاس شناختی کارڈ ہو، چنانچہ اس ملک کی ایک بہت بڑی وہ آبادی جو غریب تھی اور خواتین پر مشتمل تھی جن کے پاس پہلے شناختی کارڈ نہیں تھے، انہیں کارڈ بنوانے کا ایک incentive ملا اور انہوں نے بڑی تعداد میں کارڈ بنوائے۔میرے خیال میں پاکستان دنیا کے ان چند محدود ملکوں میں سے ہو گا جس کی آبادی کی اتنی بڑی تعداد کے پاس computerized National Identity Cards ہیں اور وہ database کا حصہ ہیں۔ بعض ملکوں میں یہ بحث چلتی ہے کہ یہ چیز اچھی ہے یا بری چیز ہے کیونکہ اگر کسی state کے پاس آپ کا تمام data bank آجائے تو بعض اوقات وہ اپنی آبادی پر ناروا پابندیاں بھی لگا دیتی ہے۔ اس پر برطانیہ میں بھی بڑی بحث چلتی رہتی ہے کہ ان کے پاس شناختی کارڈ ہونے چاہییں یا نہیں ہونے چاہییں لیکن بہرحال اگر ہمیں اپنے آپ کو organize کرنا ہے اور یہاں چیزوں کو control کرنا ہے، جرائم کو control کرنا ہے تو شاید پاکستان جیسے ملک کے لیے ناگزیر ہے کہ یہاں شناختی کارڈ ہوں۔ پہلی بات تو یہ ہوئی ہے کہ Election Commission کے initiative پر قانون منظور ہوا ہے جس کے مطابق آپ registration and casting of vote is possible only through computerized National Identification Card.

دوسری بات یہ ہوئی ہے اورہم کافی عرصے سے اس کا مطالبہ بھی کر رہے تھے کہ NADRA کے پاس اتنا database موجود ہے تو کوئی بھی انتخابی فہرستیں بنانے کے لیے NADRA this should be the starting point. کے database کو ہی استعمال کرنا چاہیے کیونکہ اتنا کام ہو چکا ہے لیکن Election Commission ہر مرتبہ خود نئے سرے سے اپنی ایک الگ list بناتا تھا جس کا NADRA کی list سے کوئی تعلق نہیں ہوتا تھا۔ اب پہلی مرتبہ NADRA کے ساتھ ایک collaboration ہوئی اور NADRA کے ذریعے یہ voter list بن رہی ہے، اب جو شخص computerized National Identity Card بنوانے کے لیے جائے گا وہ automatically اس voter list میں بھی آجائے گا، اسے separately جا کر اپنا نام voter list میں درج

نہیں کرانا پڑے گا جو بہت کم لوگ bother کرتے ہیں۔ اس لیے زیادہ بہتر اور مکمل voter list بننے کا امکان ہے۔

تیسری بات یہ ہے کہ اب پہلی مرتبہ voter list میں ووٹر کی تصویر بھی ہو گی اور یہ اس لیے اہم ہے کہ جو لوگ انتخابی عمل میں شریک رہے ہیں، ان کو معلوم ہے کہ جب آپ ووٹ ڈالنے کے لیے جاتے ہیں تو کئی لوگ اپنا شناختی کارڈ بھول جاتے ہیں یا ان کے پاس ایسی کوئی شناخت کی چیز نہیں ہوتی جس سے پتا چل سکے کہ یہی صاحب ہیں، مثلاً میں احمد بلال محبوب ووٹ ڈالنے کے لیے گیا ہوں تو یہ ثابت کرنا کہ میں ہی احمد بلال محبوب ہوں، اس کے لیے photo identification کی ضرورت ہوتی ہے اور اکثر لوگ چونکہ اتنے زیادہ پڑھے لکھے نہیں ہیں، زیادہ باشعور نہیں ہیں یا وہ اتنے careful نہیں ہیں کہ وہ اپنے ساتھ کارڈ لاتے تو اکثر وہاں ان کے اور polling agents کے درمیان تلخ کلامی بھی ہوتی تھی کہ یہ وہ شخص ہے، وہ کہتا تھا کہ یہ وہ شخص نہیں ہے، یوں ایک dispute کھڑا ہو جاتا تھا اور لڑائیاں بھی ہوتی تھیں۔ بعض اوقات presiding officer depending upon the situation اس شخص کو ووٹ کا حق دے دیتا تھا اور بعض اوقات ووٹ کا حق دینے سے انکار بھی کر دیتا تھا اور یہ چیز ایک بڑے تنازع کا باعث ہوتی تھی۔ اب چونکہ voter list میں تصویر ہو گی لہٰذا اگر کوئی آدمی اپنا شناختی کارڈ نہیں بھی لایا تو presiding officer اس تصویر کے مدد سے اس کو شناخت کر سکتا ہے کہ یہ وہی شخص ہے، یوں bogus voting کا ایک بہت بڑا source eliminate ہو جائے گا۔ اس چیز کا بھی بہت مطالبہ تھا۔میں 2008 میں بنگلہ دیش میں ہونے والے الیکشن کو monitor کرنے کے لیے گیا اور وہاں میں نے انتخابی فہرستوں میں دیکھا تھا کہ وہاں پر تصویر موجود ہے، اس کی وجہ سے بنگلہ دیش کی تاریخ میں2008 میں بہت smooth election ہوئے تھے اور record voter turn out تھا تقریباً plus 85% جو کہ پاکستان میں آج تک کبھی نہیں ہوا۔

آخری بات یہ ہے کہ Election Commission عموماً ایک بہت closed organization ہوتی تھی اور لوگوں سے بہت زیادہ رابطہ رکھنا ان کی روایات میں شامل نہیں تھا لیکن اب Election Commission نے سیاسی جماعتوں کے ساتھ اور

periodic consultation کے ساتھ Civil Society Organizations کا عمل شروع کیا ہے، وہ جب بھی کوئی نئی چیز کرنے لگتے ہیں تو ان کے ساتھ consultation کرتے ہیں، یوں ایک open and transparent culture Election Commission میں آگیا ہے۔نئی انتخابی فہرستوں کے context میں یہ چار چیزیں بہت positive ہوئی ہیں۔

اب میں عرض کروں گا کہ اس وقت انتخابی فہرستوں میں آگے کیا steps ہونے والے ہیں؟ اس وقت جو انتخابی فہرستیں display کی جائیں گی ان کو قانونی زبان میں Preliminary Electoral Rolls (PERs) کہتے ہیں اور ان کا 25-02-2012 تک مکمل ہونے کا schedule ہے۔ ان فہرستوں کو پچیس فروری سے انتیس فروری تک display کرنے کی تیاری کی جائے گی اور یکم مارچ سے اکیس دنوں کے لیے تقریباً پچپن ہزار جگہوں پر آویزاں کی جائیں گی جن کا اخبارات، ٹی وی میں باقاعدہ اعلان کیا جائے گا اور publicity کی جائے گی کہ یہ voter lists کن کن جگہوں پر آویزاں ہیں جہاں پر آپ جا کر یہ دیکھ سکتے ہیں کہ voter list میں آپ کا نام درج ہے، نہیں ہے، صحیح ہے، آپ اسے ٹھیک کروا سکتے ہیں۔ اگر آپ کوئی چیز تبدیل کرانا چاہیں گے، addition کروانا چاہیں گے،modification کروانا چاہیں گے یا deletion کروانا چاہیں گے تو وہاں آپ کو forms دیے جائیں گے۔ بعض اوقات family میں افسوسناک لیکن سانحاتی طور پر کسی کی وفات بھی ہو جاتی ہے، اگر آپ اس فرد کا نام voter list سے delete کروانا چاہیں گے تو اس کے لیے بھی ایک form ہو گا جو وہاں آپ کو میسر ہو گا۔ یہ عمل یکم مارچ سے اکیس مارچ 2012 تک جاری رہے گا، جس کے دوران آپ یہ ساری changes electoral rolls میں کروا سکیں گے۔ اس کے بعد جتنی بھی changes کے forms جمع ہوں گے اکیس مارچ کے بعد Election Commission NADRA کے ذریعے incorporate and update کروائے گا، پھرایک final electoral rolls تیار ہوں گے جن کو final electoral rolls کہا جائے گا۔ یہ اس sense میں final ہوں گے کہ ایک نئی انتخابی فہرست میں یہ final rolls ہوں گے لیکن ایسا نہیں ہے کہ اب اس میں مزید addition نہیں ہو سکتی۔ جب تک الیکشن کی date announce نہیں ہوتی اس وقت تک ان انتخابی فہرستوں میں نئے نام درج ہو سکتے ہیں، changes بھی ہو سکتی ہیں، deletion بھی ہو سکتی

ہے۔ جب الیکشنannounce ہو جائیں گے تو اس کے بعد یہ list freeze ہو جائے گی، پھر الیکشن اور اس کے نتائج آنے تک ان فہرستوں میں کوئی نیا نام درج نہیں ہو سکے گا۔ لہٰذا ایسا نہیں ہے کہ اگر آپ نے ان اکیس دنوں میں نام درج نہیں کرایا تو اب دروازہ بند ہو گیا ہے، ایسا نہیں ہے، وہ پھر بھی چلتا رہے گا لیکن ان اکیس دنوں میں یہ چیز آسان ہو گی کیونکہ یہ تقریباً پچپن ہزار جگہوں پر display ہوں گی اور Election Commission کا عملہ پوری طرح سے mobilize ہو گا کہ وہ ان چیزوں کو کر لے۔ بہتر یہی ہو گا کہ ان اکیس دنوں سے فائدہ اٹھاتے ہوئے آپ انتخابی فہرست کا جائزہ لے لیں۔

Election Commission نے اس مرتبہ ایک اور اچھی چیز کی ہے، وہ ابھی practice میں نہیں آئی لیکن اسے announce کر دیا ہے، وہ ایک sms service ہو گی۔ آپ ایک نمبر پر اپنا شناختی کارڈ sms کریں گے تو آپ کو اس کے جواب میں Election Commission کی طرف سے بتایا جائے گا کہ آپ کا نام ووٹر کی حیثیت سے درج ہے تو کس نمبر پر درج ہے؟ کس علاقے میں درج ہے؟ آپ کو اس کے کوائف sms کے ذریعے آجائیں گے۔ اس سے آپ کو کم از کم یہ تسلی ہو جائے گی کہ آپ voter list میں موجود ہیں اور کس علاقے میں درج کیے گئے ہیں۔ یہ ایک بہت بڑی service ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ اس بات کی بھی تحسین کی جانی چاہیے کہ Election Commission نے نئی ٹیکنالوجی سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ایک سہولت دی ہے کہ آپ کو یہ check کرنے کے لیے کہ آپ کا نام ووٹر لسٹ میں درج ہے یا نہیں، اب کسی جگہ جانے کی ضرورت نہیں ہو گی۔ ہاں، اگر اس میں آپ دیکھیں گے کہ کسی correction کی ضرورت ہے تو پھر شاید آپ کو جانا پڑے اور وہاں form fill کرنا پڑے۔ میری آپ سے گزارش ہو گی کہ آپ اس display period سے پوری طرح فائدہ اٹھائیں، اپنے آپ کو mobilize کریں اور ابھی میرے خیال میں secretariat آپ کو اس بارے میں ایک assignment بھی دے گا کہ آپ اگلے اجلاس سے پہلے جو reports تیار کریں گے، ان میں سے ایک report یہ ہو گی کہ ان display centres کا دورہ کرنے کے بعد آپ کےکیا تاثرات ہیں؟ مختلف سوالات ہوں گے آپ جن کے جوابات دیں گے، بنیادی طور پر آپ بتائیں گے کہ ان

display centres میں کیا نظام تھا؟ کیا واقعی list وہاں پر ہی display کی گئی تھی جس جگہ کا انہوں نے اشتہار میں لکھا تھا کہ یہ اس جگہ display ہو گی؟ اگر واقعی ووٹر لسٹ وہاں display تھی تو کیا آپ اپنا نام اس میں تلاش کر سکے؟ کیا آپ نے اپنے یا کسی دوسرے کے نام میں کوئی correctionکروانے کی کوشش کی؟ اس میں آپ کو وہاں پر موجود Election Commission کے لوگوں کی cooperation ملی؟ ان کی competence and cooperation کیسا تھا؟ کیا آپ نے Election Commission of Pakistan کی sms service use کی ہے؟ آپ کا sms service کے بارے میں experience کیسا رہا؟ آپ کا overall impression کیا ہے؟ یہ چند سوالات ہیں جن کی بنیاد پر آپ ایک چھوٹی سی report اپنی اپنی جگہوں پر جا کر بنائیں گے اور یہ بتائیں گے کہ آپ نے کس display centre کا دورہ کیا اور وہاں کا incharge کون تھا؟ میں سمجھتا ہوں کہ اس بنیاد پر Youth Parliamentپورے ملک کی ایک report بنا سکتی ہے اور وہ Election Commission میں submit کر سکتی ہے۔ یہ آپ کیtowards the electoral process ایک بہت بڑیcontribution ہوگی اور آپ اس میں خود بھی بہت کچھ سیکھ سکیں گے کہ الیکشن کی لسٹ کیسے بنتی ہے؟ اس میں تبدیلیاں کیسے ہوتی ہیں؟ یہ ایک report ہے جسے PILDAT نے recentlyمرتب کیا ہے جس میں electoral reforms کی موجودہ صورت حال کیا ہے، وہ بیان کی گئی ہے۔ اس میں بہت سے ایسے facts and figures ہیں جو آپ کو ملیں گے، یہ report آپ کو ابھی تقسیم کر دی جائے گی۔

آخر میں میں کہنا چاہوں گا کہ انتخابی فہرستوں کی تیاری کا کام بنیادی طور پر اگرچہ Election Commission کا کام ہے، ان کی ایک آئینی ذمہ داری ہے اور اسے ہر سال upgrade کرنا بھی Election Commission کی ذمہ داری ہے لیکن یہ ذمہ داری اس وقت تک پوری نہیں ہوسکتی جب تک رائے عامہ اور عوام بیدار نہ ہوں، اسے check نہ کریں، review نہ کریں، اس پر objection raise نہ کریں اور اسے پوری vigilance کے ساتھ بہتر بنانے کی کوشش نہ کریں۔ مجھے یقین ہے کہ اگر لوگ اس طرح vigilant رہیں گے اور Election Commission جس طرح اپنا کام کر رہا ہے، کرتا رہے گا تو شاید ہم اپنی تاریخ میں پہلی مرتبہ ایک مکمل up to

date and accurate electoral rolls حاصل کر سکیں گے۔ صرف ایک چیز جس کے بارے میں میں توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ Election Commission نے کہا ہے کہ ستائیس مئی تک حتمی انتخابی فہرستیں تیار ہو سکیں گی۔ سپریم کورٹ نے ان کو حکم دیا ہوا ہے کہ آپ ان فہرستوں کو ہر حالت میں تئیس فروری تک مکمل کریں۔ سپریم کورٹ اور Election Commission کے درمیان یہ ایک تنازعہ اس وقت چل رہا ہے اور سپریم کورٹ غالباً آئندہ آنے والی hearing میں اس بارے میں کچھ فیصلہ بھی کرے گی۔ یہ situation تھوڑی سی tension کی باعث ہے لیکن بہرحال انتخابی فہرستیں جس بھی تاریخ کو تیار ہوں اصل چیز یہ ہے کہ یہ فہرستیں مکمل ہونی چاہییں، accurate and up to date ہونی چاہییں۔ آپ کا بہت بہت شکریہ۔

(ڈیسک بجائے گئے)

جناب سپیکر: کچھ ممبران جنہوں نے حلف نہیں اٹھایا تھا، ان سے گزارش ہے کہ وہ کھڑے ہو جائیں اور حلف اٹھائیں۔

(At this stage the oath was administered)

Mr. Speaker: Now members can ask questions from Mr. Ahmed Bilal Sahib. Yes Malik Rehan Sahib.

Mr. Malik Rehan: Mr. Speaker! My question is pertaining to flood affectees and victims of military operation in Balochistan and FATA. They are still in ambiguity within from Balochistan, Sindh and Punjab

کیونکہ بہت سے military operation victims Punjab میں گئے ، کچھ سندھ میں گئے اور کچھ باہر چلے گئے ہیں۔ اسی طرح کچھ flood affectees بلوچستان میں چلے گئے، کچھ سندھ میں اور کچھ پنجاب میں چلے گئے ہیں۔ انہیں ابھی تک یہ پتا نہیں ہے کہ وہ پنجاب کے ہیں، سندھ کے ہیں یا بلوچستان کے ہیں۔ ان لوگوں کے لیے NADRA نے کیا کیا ہے؟

جناب سپیکر: جی بلال صاحب۔

جناب احمد بلال محبوب: دیکھیں یہ انتخابی فہرستیں originally 31-12-2011 کو مکمل ہونی تھیں اور جو پانچ مہینے کی تاخیر ہوئی ہے، اس کی ایک وجہ

یہ ہے کہ سیلاب اور military operation کی وجہ سے جو لوگ displace ہوگئے تھے، لہٰذا ان کی verification کا کام نہیں ہو سکتا تھا تو اس لیے زیادہ وقت لگا ہے۔ آپ کے سوال کا جواب یہ ہے کہ جس بھی آدمی نے اپنا computerized Identity Card بنایا ہے، اس کا نام ووٹر لسٹ میں موجود ہو گا۔ ایک exercise ہوئی ہے جس میں گھر گھر جا کر لوگوں سے پوچھا گیا ہے،verify کیا گیا ہے کہ واقعی شناختی کارڈ پر دیے گئے ایڈریس پر لوگ موجود ہیں اور اگر موجود ہیں تو وہ کس ایڈریس پر اپنے آپ کو as a voter register کرانا چاہتے ہیں کیونکہ ووٹر کے پاس یہ choice ہے کہ وہ اپنے مستقل پتے پر اپنے آپ کو register کرالے یا اس وقت وہ جس جگہ پر رہ رہا ہے، وہاں اپنے نام کو register کرا لے یا جس جگہ اس کی property وغیرہ ہے، وہاں registerکروا لے۔ اس کے پاس یہ تین options ہیں، Electoral Rolls Act میں تفصیل سے لکھا ہوا ہے کہ ایک ووٹر اپنے آپ کو کہاں درج کروا سکتا ہے؟ اگر یہ لوگ اس تک نہیں پہنچ سکے ہیں اور verification کے لیے اس کے پاس کوئی آدمی نہیں آیا تو by default شناختی کارڈ میں جو مستقل پتا لکھا ہو گا، وہاں پر ووٹر کا نام درج ہو جائے گا۔ اس لیے فکر کی بات نہیں ہے کہ اگر کسی وجہ سے وہ displaced person ہے تو اس کا نام ووٹر لسٹ سے غائب نہیں ہو جائے گا، صرف اتنا ہو گا کہ اس کا نام مستقل پتے والی جگہ پر درج ہو گا اور اگر وہ اسے تبدیل کروانا چاہے گا تو ان اکیس دنوں میں بھی کروا سکے گا اور جب تک انتخابات کا اعلان نہیں ہو جاتا، اس وقت تک بھی تبدیل کروا سکے گا۔ جن 5%لوگوں کے کارڈ نہیں بنے ہوئے، ان کا مسئلہ ہے اور جیسے ہی وہ کارڈ بنوا لیں گے تو اسی حساب سے ان کا نام ووٹر لسٹ میں نام آ جائے گا۔

جناب سپیکر: ملک حماد صاحب۔

جناب ملک حماد: جناب والا! میرے دو سوالات ہیں۔ پہلا سوال یہ ہے کہ آپ نے بتایا ہے کہ ہر ووٹر کی تصویر بھی ہو گی تو یقیناً وہ وہاں کمپیوٹر بھی provide کریں گے جس میں ووٹر کا سارا data ہو گا۔ کیا وہ اس کے ساتھ finger print کی option رکھیں گے جس سے شفاف ووٹ ڈالنے کی 100% guarantee حاصل ہو جائے؟

جناب والا! میرا دوسرا سوال یہ ہے کہ جب ہر پولنگ سٹیشن تک وہ data پہنچا دیں گے تو کیا اس data کے غلط ہاتھوں میں جانے کے کوئی chances نہیں ہیں؟ کیا Election Commission وہاں اتنی security provide کرے گا کیونکہ اتنا زیادہ data وہاں سے کوئی بھی چوری کر سکتا ہے، اس بارے میں Election Commission کی کیا policy ہے؟

جناب احمد بلال محبوب: دیکھیں چونکہ میں نہ تو Election Commission اور نہ ہی NADRA کا آدمی ہوں، لہٰذا میں اپنی best information پر آپ کو جوابات دے رہا ہوں۔ Policy position and decision تو وہی بتا سکتے ہیں۔ اس وقت finger print کے لیے کوشش ہو رہی ہے۔ اگر آپ ووٹ ڈالنے کے لیے گئے ہوں گے تو آپ کو معلوم ہو گا کہ آپ کو ballot paper کے counterfoil پر ایکthumb impression لگانا پڑتا ہے۔ وہ اس لیے ہوتا ہے کہ اگر کبھی verify کرنا پڑ جائے کہ ووٹ دینے والا وہی شخص تھا لیکن وہ کبھی check نہیں ہوتا تھا کیونکہ technology نہیں تھی۔ اب چونکہ NADRA database میں بھی آپ سب کاthumb impression recorded ہوتا ہے تو اب یہ check ہو سکتا ہے۔ ایک magnetic ink کا تجربہ ہو رہا ہے کہ وہ اس کے ذریعے thumb impression لگائیں گے اور پھر وہ آپ کے NADRA database کے ساتھ verify ہو جائے گا لیکن اس بارے میں ابھی حتمی فیصلہ نہیں ہوا، اس تجربے کے بارے میں ابھی بات چت چل رہی ہے اور ان کا خیال ہے کہ شاید الیکشن کی تاریخ تک اس کا انتظام کر لیا جائے۔ بہت سی چیزیں ہو رہی ہیں، کچھ جگہوں پر شاید experimental electronic voting machine بھی استعمال کی جائے گی جس میں آپ کو ٹھپہ لگانے کی بجائے مشین کا ایک بٹن دبانا ہو گا لیکن وہ تمام جگہوں پر نہیں ہو گا، پہلے pilot project ہو گا۔ ایک مشین ایسی ہے جس میں کیمرہ بھی لگا ہوا ہے، جب آپ بٹن دبائیں گے تو وہ آپ کی تصویر بھی کھینچ لے گی تاکہ یہ چیز record میں آ جائے گی کہ کس شخص نے ووٹ ڈالا ہے تو کئی چیزیں کرنے کے multiple layers ہیں لیکن ابھی under process ہیں۔ آپ نے data security کی بات کی ہے، میرے خیال میں کسی بھی پولنگ اسٹیشن پرelectoral rolls کا سارا database موجود نہیں ہو گا، اگر ہو گا

بھی تو غالباً وہ temper proof ہو گا اور کوئی شخص اس میں کوئی تبدیلی نہیں کر سکے گا کیونکہ یہ main server میں محفوظ ہوگا۔ Election Commission نے data کی security پر پورا کام کیا ہے۔ اگر آپ اس رپورٹ کو دیکھیں گے تو اس میں ان کے چند objectives ایسے ہیں جو data کی security سے متعلق ہیں اور انہوں نے اس کے بارے میں بھی کچھ اہتمام کیا ہے۔ میرے خیال میں وہ تمام precautions جو اتنے اہم data کی protection کے لیے ضروری ہوتے ہیں، وہ کیے جائیں گے۔ آپ کو پتا ہے کہ یہ data NADRA کے record میں بھی ہوگا اور Election Commission کے پاس اپنا ایک الگ record بھی ہوگا، یہ multiple security arrangements ہوں گے۔

جناب سپیکر: محترمہ مہرین سعیدہ صاحبہ۔

محترمہ مہرین سعیدہ: جناب والا! آپ نے ابھی سیلاب اور زلزلہ زدگان بات کی تھی کہ ہم شناختی کارڈ کے عمل کے ذریعے سے ووٹ بنا رہے ہیں، ایک شفاف کام محسوس ہو رہا ہے۔ جناب والا! جہاں تک ان کے شناختی کارڈوں کی بات ہے، اس وقت تو ان کے پاس نہ رہنے کی جگہ ہے، نہ کھانے کے لیے کچھ ہے، ان کے لیے کاغذات اور دوسری چیزیں سنبھال کر رکھنا بہت مشکل ہے۔ ان کے شناختی کارڈ کیسے بنیں گے؟ انہیں کیسے کہا جائے گا کہ واقعی یہ لوگ سیلاب زدگان یا زلزلہ زدگان ہیں؟ اس بات کو کیسے یقینی بنایا جائے گا؟ ان کے پاس اس چیز کا کوئی ثبوت نہیں ہے کیونکہ ان کی تمام چیزیں تو سیلاب یا زلزلے کی نظر ہو چکی ہیں۔

جناب احمد بلال محبوب: NADRA ایک ایسی organization ہے جس پر ہم اس لحاظ سے فخر کر سکتے ہیں کہ اس نے بڑی advance technology کا اہتمام اور اس کا استعمال کیا ہے۔ جو لوگ سیلاب یا اس سے پہلے زلزلے کی مشکل سے گزرے ہیں تو آپ کو معلوم ہے کہ ان کی مدد کے لیے ایک وطن کارڈ بھی جاری کیا گیا تھا۔ اس وطن کارڈ کے لیے بھی شناختی کارڈ کی شرط تھی تو ان لوگو ں نے جن کے cards and papers ضائع ہو گئے تھے کیونکہ وہ لوگ displaced

ہو گئے تھے تو ان لوگو ں کے شناختی کارڈ ہنگامی طور پردوبارہ بنائے گئے ہیں اور دوبارہ کارڈ بنانے کا کام نسبتاً آسان ہوتا ہے کیونکہ آپ نام بتاتے ہیں تو database سے وہ search ہو جاتا ہے بلکہ آنکھوں کی پتلیوں سے بھی آپ کی شناخت ہو جاتی ہے کہ یہ وہی شخص ہے اور database میں اس کا record کہاں ہے؟ یہ چیز thumb impression سے بھی search ہو جاتی ہے۔ اگر کسی کو اپنا شناختی کارڈ کا نمبر یاد ہو تو وہ بہت ہی اچھی بات ہے لیکن اگر نام اور علاقہ بھی ہو تو NADRA check کر کے اسے duplicate شناختی کارڈ جاری کر دیتا ہے، ایسا نہیں ہے کہ جن لوگوں کے کاغذات ضائع ہو گئے ہیں ان لوگوں کا اب کوئی حل نہیں ہے کیونکہ NADRA نے کافی تعداد میں duplicate شناختی کارڈ جاری کیے ہیں۔

جناب سپیکر: جناب عبیدالرحمٰن صاحب۔

جناب عبیدالرحمٰن: شکریہ جناب سپیکر! میرے چار سوالات ہیں۔

Mr. Speaker: You can ask one question at a time.

جناب عبیدالرحمٰن: جناب والا! میرا اہم سوال یہ ہے کہ electoral rolls میں جو reforms لائی جارہی ہیں، ان پر کتنا پیسہ خرچ کیا جا رہا ہے؟ یہ کتنا feasible ہے؟ شکریہ۔

جناب احمد بلال محبوب: یہ تو بہت feasible ہے کیونکہ یہ تقریباً مکمل ہونے والا ہے۔ جہاں تک expenses کا تعلق ہے تو Election Commission نے پچھلی consultation میں بتایا تھا کہ ان electoral rolls کی تیاری پر تقریباً دو بلین روپے سے کچھ زائد رقم خرچ ہوئی ہے۔ میں نے آپ کو بتایا تھا کہ پچھلے electoral rolls پر ایک بلین روپے خرچ ہوئے تھے، اس مرتبہ اس پر دو بلین روپے سے زائد رقم خرچ ہوئی ہے۔

جناب سپیکر: محترمہ شہیرہ جلیل صاحبہ۔

Miss Shaheera Jalil Albasit: Sir, in 2008 we had the City District Government, Karachi under which we had the Union Councils and the Towns.

Did the Election Commission of Pakistan take any sort of help from the UCs and the Towns to formulate the 2008 election voting list?

Mr. Ahmed Bilal Mehboob: I don't think so because Election Commission has primarily relied on the data provided by NADRA and use that for door to door verification and based on that verification results, they have further amended it. Now they are going to rely on the objections which they will received during the twenty one days display period. So, I don't think they have used the Local Government Institutions for completion or updating of the electoral rolls.

جناب سپیکر: جناب سراج الدین میمن صاحب۔

جناب سراج الدین میمن: جناب والا! میرا سوال ہے کہ کراچی کی situation بڑی vulnerable ہوتی ہے، target killings ہوتی رہتی ہیں، وہاں پر turn out کم ہوتا ہے لیکن ہم سنتے ہیں کہ ٹھپہ مافیا آتی ہے اور ووٹ ڈال دیتی ہے تو جناب والا! security situation کے سلسلے میں Election Commission کا Ministry of Interior کے ساتھ کوئی collaboration ہے تاکہ لوگ بلاخوف وخطر ووٹ ڈالنے کا اپنا بنیادی حق استعمال کرسکیں؟

جناب احمد بلال محبوب: یہ ایک بہت بڑا concern ہے اور میرے خیال میں آپ کتنی ہی اچھی انتخابی فہرستیں بنا لیں اگر یہ صورت حال ہو گی تو ظاہر ہے پھر یہ فہرستیں آپ کی help نہیں کر سکیں گی۔ اگر پورے کا پورے پولنگ اسٹیشن ہی take over ہو جائے اور وہاں لوگ اپنی مرضی کریں گے تو اس کا check پھر الیکشن کے بعد ہی ہو سکے گا۔ جس طرح ابھی thumb impression کی بات ہوئی ہے کہ آپ کے thumb impression کے ساتھ وہ اس کو match کر لیں گے تو یہ ایک check ہو گا کہ جس شخص کا ووٹ تھا، وہی ووٹ ڈالنے گیا یا کسی اور نے اس کا ووٹ ڈالا ہے۔ اس طرح کے کچھ precautions اگر اُس وقت تک implement ہو جاتے ہیں تو شاید اس قسم کی چیز کو safeguard کیا جا سکے گا لیکن یہ ایک concern ہے اور یہ صرف کراچی میں نہیں ہے بلکہ سندھ کے چند اندرونی علاقوں میں کچھ ایسے علاقے ہیں جو remote areas ہیں اور جہاں بہت

طاقتور لوگ ہیں، وہ تقریباً پولنگ اسٹیشنوں کو capture کر لیتے ہیں اور اپنی مرضی کے مطابق کام کرتے ہیں۔ ان کی بہت تھوڑی تعداد ہے لیکن بہرحال یہ ایسی pockets ہیں، ایک concern ہے، اس کا انتخابی فہرستوں سے تعلق نہیں ہے، اس کا الیکشن کے operation سے تعلق ہے۔ میرے خیال میں electoral reforms پر ایک الگ لیکچر رکھا گیا ہے، جب ہم وہ discuss کریں گے تو یہ باتیں بھی discuss کریں گے۔

جناب سپیکر: محترمہ سمن احسن صاحبہ۔

محترمہ سمن احسن: جناب والا! معذور اور بزرگ حضرات کس طرح ووٹ ڈال سکیں گے؟ اس کے علاوہ میرے خیال میں overseas Pakistanis کو بھی ووٹ دینے کی اجازت دے دی گئی ہے تو وہ لوگ کس طرح اپنا یہ حق استعمال کر سکتے ہیں؟

جناب احمد بلال محبوب: دیکھیں جو معذور افراد ہیں، ان کے لیے میں پھر اسی report کو refer کروں گا کہ اس کو دیکھیں تو اس میں کچھ objectives ہیں جو specifically challenged and special persons کے لیے ہیں، ان کی voting کو facilitate کرنے اور voter registration کو facilitate کرنے سے متعلق ہیں۔ Election Commission کے focus میں یہ چیز ہے لیکن مجھے نہیں معلوم کہ اب تک ایسے کیا اقدامات کیے گئے ہیں جن کی وجہ سے voting کا process پہلے سے زیادہ آسان ہو جائے گا؟ یہ صرف معذور افراد کی بات نہیں ہے بلکہ traditionally خواتین کے ووٹوں کا turn out lower ہوتا ہے اور بعض ایسے districts ہیں جہاں پر ان کی voting ممکن ہی نہیں ہوتی کیونکہ تمام پارٹیاں ایک accord sign کر لیتی ہیں، بعض اوقات stamp paper پر sign کرلتی ہیں کہ ہم اپنی اپنی عورتوں کو voting کے لیے نہیں بھیجیں گے تو اس کے نتیجے میں وہاں خواتین کی voting ratio 0% ہوتی ہے، چونکہ یہ چیز وہ اپنی اپنی عورتوں پر voluntarily کرتے ہیں جومیں سمجھتا ہوں کہ انتہائی غلط بات ہے، اس کو تبدیل ہونا چاہیے۔ خواتین بھی کم ووٹ ڈالتی ہیں اور ہمارے پاس exit poll کے ٹھوس شواہد نہیں لیکن جن چند لوگوں نے exit polls

کیے ہیں، ان سے بھی یہ ظاہر ہوتا ہے کہ جوان لوگ بھی نسبتاً ووٹ ڈالنے کے لیے کم جاتے ہیں۔ یہ relatively marginalize لوگ جن میں خواتین، معذور افراد اور نوجوان کو خاص طور پر زیادہ facilitate کرنے کی ضرورت ہے اور Election Commission نے اس پر focus کیا ہوا ہے لیکن مجھے معلوم نہیں ہے، ہو سکتا ہے کہ ہم اگلے اجلاس میں Election Commission یا NADRA کے representative یا دونوں کے representatives کو آپ کے ساتھ interaction کے لیے بلائیں اور آپ اس وقت تک سوال کرنے کے لیے زیادہ بہتر equipped بھی ہوں گے کیونکہ آپ اس وقت تک display centres کو دیکھ چکے ہوں گے اور یہ ہو سکتا ہے کہ ہم آپ کی مزید clarity کے لیے ان کے ساتھ interaction کا موقع فراہم کریں، انشاءاللہ۔

جناب والا! سمندر پار پاکستانیز کے لیے ابھی حال ہی میں Election Commission نے فیصلہ کیا ہے کہ انہیں postal ballot کی سہولت دی جائے گی۔ In principle یہ فیصلہ ہوا ہے لیکن اس کے practical arrangements کے لیے ابھی وقت لگے گا، مجھے نہیں معلوم کہ وہ اگلے انتخابات سے پہلے یہ arrangements کر لیں گے یا نہیں لیکن یہ چیزیں ایک درست سمت میں جا رہی ہیں۔

جناب سپیکر: جناب عمیر نجم صاحب۔

جناب عمیر نجم: ہمارے پاس الیکشن کی monitoring کے لیے ایک centralized camera monitoring system ہونا چاہیے جہاں پر ہم ایک ہی کمرے میں ہر پولنگ اسٹیشن کو دیکھ سکیں کہ وہاں پر کیا ہو رہا ہے؟ اس بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟ یہ چیز پوری دنیا میں implement ہو رہی ہے تو پاکستان میں یہ چیز کیوں نہیں ہو رہی؟ میرا دوسرا سوال ہے کہ آزاد کشمیر کے لیے شہریوں کو ووٹ ڈالنے کا طریقہ کار کیا ہو گا؟

جناب احمد بلال محبوب: اگر آپ election monitoring through a centralized camera کے موضوع پر ایک چھوٹا سا paper لکھیں اور اس میں خاص طور پر ان ممالک کی مثال دیں جہاں یہ in practice ہے تو یہ بہت useful ہو گا۔ آپ پھر اپنے system کے through اسے Election Commission کو بھی بھیجیں، میرے خیال میں وہ اس سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کریں گے۔

آزادکشمیر کے ووٹروں کے بارے میں ایک فیصلہ یہ ہوا ہے کہ آزادکشمیر کے وہ لوگ جو پاکستان کے اندر constituencies میں رہتے ہیں، اُن کو اُن constituencies میں ووٹ دینے کی اجازت ہو گی۔ ایک فیصلہ آیا تھا جس میں ان کو اجازت نہیں تھی، اس میں کہا گیا تھا کہ وہ یا تو آزادکشمیر کے انتخابات میں ووٹ دیں یا پھر یہاں ووٹ ڈالیں لیکن اب ان کے دو ووٹ ہوں گے، وہ آزادکشمیر کے انتخابات میں بھی ووٹ ڈال سکیں گے اور یہاں بھی ووٹ دے سکیں گے۔ آزادکشمیر کے وہ لوگ جو پاکستان کی settled constituencies میں نہیں ہیں، ظاہر ہے وہ پاکستان کی ان constituencies میں ووٹ نہیں دے سکیں گے اور یہ fair بھی ہے۔

جناب سپیکر: جناب نجیب عابد بلوچ صاحب۔

جناب نجیب عابد بلوچ: شکریہ جناب سپیکر! چمن اور بلوچستان کے کافی علاقوں میں recently last year NADRA کی بڑی corruption پکڑی گئی جہاں افغان مہاجرین اور ایران کے بلوچ علاقوں سے آنے والے لوگ پیسے دے کر شناختی کارڈ بنوا لیتے ہیں اور یقیناً ان کے نام بھی ووٹر لسٹ میں ہوں گے۔ اس کے علاوہ افغانستان سے آنے والے اڑھائی ملین لوگ بھی شامل ہوں گے، اس طرح تو جو لوگ یہاں صدیوں سے رہ رہے ہیں ان کی صحیح representation کیسے ہو گی؟ اس کو کیسے address کیا گیا ہے؟

جناب احمد بلال محبوب: میرے خیال میں یہ بہت اہم سوال اور یہ بہت concern بھی ہے۔ آپ کی انتخابی فہرستیں تو اتنی ہی اچھی ہوں گی جتنا اچھا آپ کا NADRA کا database ہے۔ اگر NADRA کے database میں کہیں بہت massive scale پر غلطیاں ہیں تو وہ غلطیاں آپ کی ووٹر لسٹ میں بھی reflect ہوں گی لیکن ضروری نہیں ہے، اس لیے کہ ووٹر لسٹ کی display کے وقت اگر آپ یہ objection raise کریں گے اور یہ objection آپ صرف اپنے بارے ہی نہیں بلکہ کسی اور کے بارے میں بھی raise کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کے علم میں ہے کہ کچھ لوگ جو افغان مہاجرین ہیں، انہوں نے غلط طریقے سے شناختی کارڈ بنوا کر اپنے

آپ کو یہاں درج کروا لیا ہے تو آپ کا یہ حق ہی نہیں بلکہ فرض ہے کہ آپ یہ objection raise کریں، ان کا نام وہاں سے delete کروائیں اور ان کے شناختی کارڈ بھی منسوخ کروائیں اور یہ چیز ہوئی بھی ہے۔ میں نے بھی اخبار میں پڑھا ہے کہ افغان مہاجرین کی ایک بہت بڑی تعداد جن کو شناختی کارڈ جاری ہو گئے تھے، اس میں ایک scam پکڑا گیا ہے اور پھر کچھ کارڈ منسوخ بھی ہوئے ہیں۔ اگر آپ کے علم میں ایسی کوئی چیز آتی ہے ، جہاں کہیں بھی ہو، خواہ وہ افغان مہاجرین کا ہو یا کوئی اور ایسے لوگ ہوں جن کو پاکستان کی شہریت کے حقوق حاصل نہیں ہیں یا وہ لوگ ووٹر لسٹ میں نہیں ہونے چاہییں یا ان کو شناختی کارڈ جاری نہیں ہونے چاہییں تو آپ کے پاس یہ موقع ہے کہ ان اکیس دنوں میں آپ خود بھی ان کی complaints کریں اور community مل جل کر اس پر action لے اور complaints کرے۔ اگر آپ وہ data اکٹھا کر کے Youth Parliament میں لائیں تو میرے خیال میں Youth Parliament کی آواز بھی اس میں شامل ہو سکتی ہے۔ آپ یہ چیز towards a more accurate complete up to date voter list میں contribute کریں گے۔

جناب سپیکر: جناب محمد اسامہ ریاض صاحب۔

Mr. Muhammad Usama Riaz: Sir, as you have already pointed out that Election Commission has been doing its job commendably and you have also pointed out that amendment, deletion and addition can be made in the preliminary electoral rolls. Sir, my question is that CNIC have two addresses, permanent and temporary residence addresses and any voter has the option to get his vote registered on either of the residence, would this amendment be applicable in the change of residence when the preliminary electoral rolls are published and will I be filling an application or form in the area of my permanent residence or in the area of my temporary residence? One more question that as you know that I have seen some allegations have been raised against the Election Commission of Pakistan that the Election Commission of Pakistan has been actively involved in the periodical consultation with the politicians and the civil society organizations, the allegations have been raised

that Election Commission of Pakistan can be moved towards a bias or a partisan sort of structure? Do you think that there is any feasibility in these allegations? Thank you very much.

جناب احمد بلال محبوب: میں نے عرض کیا تھا کہ changes کا موقع right up to the announcement of the election date تک جاری رہے گا یعنی اگر آپ اس دوران اپنی رہائش change کرتے ہیں تو آپ کو یہ حق حاصل ہو گا کہ آپ اپنی voting place کو بھی جا کر change کروا سکتے ہیں، ووٹر لسٹ میں یہ بھی ایک way of modification ہے۔ اس کے لیے electoral rolls کا قانون آپ کو three options دیتا ہے، permanent جگہ جہاں آپ کا نام ہے، دوسرا option یہ ہے کہ جہاں آپ کا موجودہ پتا اور تیسرا option یہ ہے کہ کسی ایسی تیسری جگہ پر جہاں پر آپ کی property ہے یا آپ کے پاس کوئی ایسا proof ہے جس کے بارے میں آپ satisfactory بتا سکیں کہ مجھے وہاں پر اپنا نام بحیثیت ووٹر درج کروانا ہے۔ یہ قانون آپ کو کافی options دیتا ہے لیکن ظاہر ہے جس جگہ بھی ہو گا اسی ایک ہی جگہ پر نام درج ہو گا۔ آپ یہ changes right up to the date of the election کروا سکتے ہیں۔

جناب سپیکر: محمد عتیق صاحب۔

جناب محمد عتیق: شکریہ جناب سپیکر! ہم democratic practices میں یاemerging democracies میں آگے بڑھ رہے ہیں، یہ understood سی بات ہے کہ چیزیں online and transparent ہوتی جائیں گی۔ جس طرح 1945 میں زمیندار، کونسلر یا اسی طرح کا کوئی آدمی electoral vote cast کرتا تھا، ایک wisdom تھی۔ اس طرح جو تاریخی breakthrough الیکشن ہوئے جیسے basic democrat General Muhammad Ayub Khan Sahib جنہوں نے محترمہ فاطمہ جناح کو الیکشن میں ہرایا اور پھر وہ بنگال سے بھی جیتے۔ ہمارے think tanks کی طرف سے اس طرح کی wisdom کیوں نہیں آتی؟ الیکشن تو transparent ہو جائیں گے شاید اس آنے والے الیکشن کے بعد ہونے والے الیکشن میں ہم online vote cast کر رہے ہوں یا وہ چیز ہمارے گھر پر available ہو یہ understood چیز ہے کیونکہ technology آگے

بڑھے گی۔ The main thing is wisdom میرا اور ڈاکٹر قدیر خان صاحب کے ووٹ کا level ایک جیسا ہے، ٹھیک ہے ہمارے ہاں liberalism اور دوسری practices ہیں۔ اس میں basic democrats کا جو system تھا کیونکہ ہم نے چونسٹھ سالوں میں اتنے تجربے کیے ہیں، Sub-continent کی تاریخ میں 1945 کے الیکشن اور ایوب خان کے الیکشن breakthrough ثابت ہوئے تھے، یہ wisdom ابھی تک کیوں نہیں portray ہوا؟ System تو technologically advance تو ضرور ہو گا۔ شکریہ۔

جناب احمد بلال محبوب: دیکھیں ہم نے جو system opt کیا ہے وہ جمہوریت کا ہے اور جمہوریت میں ہر آدمی برابر ہے، اس کا ووٹ برابر ہے۔ آپ جو فرما رہے ہیں یہ کسی اور system کی بات ہے، آپ اس کے لیے lobby کیجیے، اگر زیادہ لوگ آپ کے ہمنوا ہو جائیں تو آپ یہ system change کروا لیں لیکن اس وقت دنیا کی غالب اکثریت نے جو نظام adopt کیا ہوا ہے، اس میں wisdom کو تولنے اور پیمائش کرنے کا کوئی انتظام نہیں ہے کہ وزن کی بنیاد پر اس کے ووٹ کا اتنا وزن جاری کیا جائے کہ ان کا دوکلو گرام کا ووٹ ہے اور ان کا دس کلو گرام کا ووٹ ہے، اسی حساب سے انہیں weightageدی جائے، دنیا میں ایسا انتظام موجود نہیں ہے۔ یہ ایک سوال ہے جسے مختلف لوگ اٹھاتے رہتے ہیں، علامہ اقبال نے بھی اٹھایا تھا کہ:

جمہوریت ایک طرز حکومت ہے کہ جس میں
بندوں کو گنا کرتے ہیں تولا نہیں کرتے

آپ اس پر debate جاری رکھیں لیکن نظام تو یہی ہے۔

جناب سپیکر: جناب محمد اصفر فرید صاحب۔

Mr. Muhammad Asgher Fareed: Sir, please explain open and transparent culture again.

جناب احمد بلال محبوب: ایک مشاعرہ ہو رہا تھا اور جنرل اعظم خان صاحب کا مشاعرہ attend کرنے کا پہلا اتفاق تھا، انہوں نے دیکھا کہ شاعر شعر پڑھ رہے ہیں اور لوگ بار بار مقرر کہہ رہے ہیں تو انہوں نے پوچھا کہ 'مقرر'کیا ہے؟ انہیں کہا گیا کہ لوگ شاعر کو کہہ رہے ہیں کہ یہ شعر دوبارہ پڑھیں، انہیں

بہت غصہ آیا اور کھڑے ہو کر کہا کہ ایک بار غور سے شعر سنیں اور سمجھیں، باربار مت کہیں کہ دوبارہ بتائیں، دوبارہ بتائیں۔ میں چونکہ جنرل اعظم خان نہیں ہوں، اس لیے میں دوبارہ بیان کر دیتا ہوں۔ Open culture کا مطلب یہ ہے کہ اب Election Commission سیاسی جماعتوں کے ساتھ وقتاً فوقتاً meetings کرتا ہے، ان سے مشورے کرتا ہے، ان کی رائے لیتا ہے، Civil Society Organizations کو بھی invite کرتا ہے، ان کو بتاتا ہے کہ ان کے future plans کیا ہیں؟ انplans پر ان کی رائے لیتا ہے۔ ضروری نہیں کہ ان سب کی رائے مانی جائے لیکن ان کو ضرور consider کرتا ہے۔ یہ ہے open and transparent culture. اب چونکہ ووٹر لسٹ آپ sms کے ذریعے check کر سکیں گے، اس کے مختلف technological طریقے ہیں، یہ نسبتاً زیادہ transparent ہو گی اور Election Commission اب اپنی website پر information بہت زیادہ دینے لگا ہے۔ یہ چند باتیں ہیں، جن کی وجہ سے relatively speaking یہ پہلے کی نسبت اب زیادہ open and transparent ہے لیکن ہر چیز صحیح نہیں جارہی، ہم یہ نہیں کہہ رہے ہیں کہ ہر چیز perfect ہو گئی ہے۔ آپ اس report کو دیکھیں کہ اس میں کچھ غلطیوں اور خامیوں کی بھی نشاندہی کی گئی ہے، مثلاً Election Commission کی یہ دستوری ذمہ داری ہے کہ وہ ہر سال ووٹر لسٹ کو update and revise کرے لیکن Election Commission نے پچھلے چار سالوں سے annual revision کا کام نہیں کیا ہے۔ اس پر سپریم کورٹ نے بھی ان سے جواب طلبی کی ہے، ایسی کچھ چیزیں بھی ہوئی ہیں لیکن میرے خیال میں بحیثیت مجموعی چیزیں بہتری کی طرف آئی ہیں۔

جناب سپیکر: جناب احمد نمیر فاروق صاحب۔

جناب احمد نمیر فاروق: جناب والا! آپ نے postal ballot کی بات کی تھی، وہ پاکستان میں موجود لوگوں کے لیے بھی یا صرفoverseas Pakistanis کے لیے ہے کیونکہ پاکستان میں کافی سارے لوگ ایسے ہوتے ہیں جن کا ووٹ کہیں درج ہوتا ہے اور وہ jobs کے لیے بڑے شہروں میں آئے ہوتے ہیں۔ میرا دوسرا سوال یہ ہے کہ جیسے آپ نے خود بتایا کہ youth میں بھی کافی لوگ ایسے ہوتے ہیں جو ووٹ ڈالنے نہیں جاتے کیونکہ وہ سمجھتے ہیں کہ ووٹ ڈالنے سے

کیا ہو جائے گا۔ کیا Election Commission میڈیا پر ووٹ کی اہمیت کے بارے میں عام لوگوں کی awarenessیا کوئی workshops کے بارے میں اقدامات کر رہا ہے کہ انہیں بتایا جائے کہ ووٹ سے کیا change لائی جاسکتی ہے؟

جناب سپیکر: جناب احمد بلال محبوب صاحب۔

جناب احمد بلال محبوب: مجھے بہت خوشی ہوئی ہے کہ آپ نے postal ballot پر سوال پوچھا کیونکہ ہم نے بھی یہ مسئلہ raise کیا ہے۔ اس وقت postal ballot کی سہولت two categories کو حاصل ہے، ایک تو وہ لوگ جو government servants ہیں، ان کا ووٹ کسی جگہ درج ہے اور ان کی posting کسی دوسری جگہ پر ہوئی ہے، وہ postal ballot کی سہولت حاصل کر سکتے ہیں یا پھر prisoners یہ سہولت حاصل کر سکتے ہیں، قیدی جیل سے اپنا ووٹ دے سکتے ہیں۔ اب اس میںthird category overseas Pakistanis کی شامل ہوئی ہے۔ ہم نے یہ کہا ہے کہ overseas Pakistanis کو ووٹ دینے کا حق پہلے سے تھا، یعنی اگر آپ کا نام ووٹر لسٹ میں درج ہے اور اگر آپ الیکشن کے دوران دبئی میں ہیں اور اپنی چھٹی ایسے arrange کر لیتے ہیں کہ poling day پر اپنے علاقے میں آ جائیں اور ووٹ ڈال دیں تو آپ کے پاس یہ سہولت پہلے سے موجود ہے۔ وہ یہ چاہ رہے ہیں کہ ہم اپنی جگہ جہاں بیرون ملک موجود ہیں، وہاں موجود ہوتے ہوئے ووٹ ڈال سکیں، یہ سہولت صرف overseas Pakistanis کے لیے نہیں بلکہ مقامی پاکستانی کے لیے بھی ہونی چاہیے کہ اگر رحیم یارخان کا ایک شخص پشاور میں posted ہے، وہ government servant نہیں بھی ہے اور بجائے اس کے کہ وہ ووٹ دینے کے لیے all the way Peshawar سے رحیم یار خان جائے جبکہ ایک شخص جہاز میں سفر کرتے ہوئے دبئی سے لاہور اس سے پہلے پہنچ جاتا ہے تو اسے بھی یہ سہولت دی جانی چاہیے، ہم نے in writing Election Commission of Pakistan کویہ کہا ہے۔ میں یہ چاہوں گا کہ جس طرح آپ لوگ اچھی تجاویز اور خیالات لا رہے ہیں، آپ اسے document کریں اور ان ساری تجاویز کو ایک package کے طور پر بنا کر Election Commission کو بلائیں، میں Secretariat سے درخواست کروں گا کہ وہ یہ consider کرے کہ اگلے الیکشن سے پہلے دوکام، ایک تو electoral rolls

کے لیے display centres کی report اور ایک election reforms کے لیےایسے ideas کو compile کیے جائیں، آپ Youth Parliament کی طرف سے جائیں، چیف الیکشن کمشنر صاحب یا سیکرٹری Election Commission صاحب سے ملیں اور انہیں یہ چیزیں convey کریں۔ It is a good idea, یہ ہونا چاہیے، ہم اس کی حمایت میں ہیں۔

میرے خیال میں awareness campaign چلے گی، کتنی چلے گی یہ مجھے نہیں معلوم لیکن Election Commission نے کہا ہے کہ بڑے پیمانے پر ٹی وی، اخبارات، ریڈیو اورsocial media کے ذریعے لوگوں تک convey کیاجائے گا تاکہ زیادہ لوگ ووٹ ڈالیں۔ میرے خیال میں اس سلسلے میں Election Commission کو help کی ضرورت ہو گی، people like you can play very important role in making sure that people first of all get their votes registered and secondly, they get out and vote مطلب یہ کہ وہ الیکشن والے دن کرکٹ کھیلنے نہ چلے جائیں، گھر پر نہ بیٹھیں رہیں، عموماً شہروں میں ووٹ ڈالنےکا تناسب کم ہوتا ہے، دیہات میں جہاں لوگ کم پڑھے لکھے ہوتے ہیں، وہ ووٹ ڈالنے میں نسبتاً زیادہ enthusiastic ہوتے ہیں۔ پڑھے لکھے لوگ جن میں middle and upper class کے لوگ شامل ہوتے ہیں وہ اپنی شان کے خلاف سمجھتے ہیں کہ وہ ووٹ ڈالنے کے لیے پولنگ اسٹیشن جائیں، شاید پولنگ اسٹیشن ان کے گھر تک آ جائے تو ممکن ہے کہ وہ ووٹ ڈال دیں لیکن وہ جانا پسند نہیں کرتے حالانکہ ان کے پاس گاڑی بھی ہوتی ہے اور جو غریب ووٹر ہوتا ہے وہ بے چارہ پیدل چلتا ہے، public transport use کرتا ہے، اپنے امیدوار کی transport میں بیٹھتا ہے، ٹریکٹر ٹرالی میں بیٹھ کر آتا ہے لیکن وہ ووٹ ڈالنے جاتا ہے تو میرے خیال میں ہمیں جنہیں اس ملک نے شاید ان لوگوں سے زیادہ دیا ہے، ہمارا فرض زیادہ ہے کہ ہم کم از کم ووٹ ڈالنے تو جائیں۔

جناب سپیکر: جناب گوہر زمان صاحب۔

جناب گوہر زمان: جناب والا! میرا سوال یہ ہے کہ ابھی جس طرح ملک میں uncertainty ہے اور may be early election call up ہو سکتے ہیں تو کیا اس وقت جو ووٹر لسٹ ہے یہ credible enough ہے کہ on urgent basis election hold کرسکتی ہے؟ Election Commission early elections کی صورت میں کیا

steps اٹھائے گا؟ اس کے علاوہ جو military persons ہوتے ہیں، ان کا الیکشن میں کیا role ہوتا ہے کیونکہ ان کا oath ہوتا ہے کہ ہم نے political persons کا part نہیں بننا؟

جناب احمد بلال محبوب: جہاں تک military persons کی بات ہے تو سیدھی سی بات ہے کہ انہیں ووٹ دینے کا حق ہوتا ہے لیکن اس کے علاوہ وہ electoral process میں حصہ نہیں لے سکتے۔ الیکشن کے دوران اگر civil administration فوج کو law and order کی situation کے لیے یا پولنگ اسٹیشن کی حفاظت کے لیے مدد کے لیے طلب کرے تو وہ کر سکتی ہے۔پچھلے الیکشن میں آپ نے دیکھا تھا کہ وہ لوگ پولنگ اسٹیشن پر نہیں تھے بلکہ اس سے کچھ فاصلے پر deployed تھے لیکن visible تھے۔ جو لوگ disturb کرنے کی نیت رکھتے تھے ان کے لیے یہ ایک warning تھی کہ فوج موجود ہے لیکن جب تک civil administration انہیں طلب نہ کرے، فوج کا کوئی role نہیں ہوتا۔

انتخابی فہرست 27-05-2011 کو مکمل ہو جائے گی، اس کے بعد جب بھی الیکشن ہوجائیں، Election Commission تیار ہو گا۔ اس سے پہلے بھی شاید تیار ہو گا لیکن آپ کو یاد ہے کہ جب کسی سٹیج پر elections announce ہوں گے تو اس کے لیےنوے دنوں کا وقت دینا ہوتا ہے اور for example آج فروری میں الیکشن announce ہو جائیں تو آپ کے پاس مئی تک وقت ہو گا۔ میرے خیال میں انتخابی فہرستیں in any case مکمل ہو جائیں گی۔ میں اس میں کوئی شک نہیں دیکھتا۔

جناب سپیکر: تیمور شاہ صاحب۔

جناب محمد تیمور شاہ: جناب والا! اس رپورٹ میں جو statistics دیے گئے ہیں کہ in 1970 voting turn out کتنا تھا، which was 63.4%, in 1997 35.4% and in 2008 it was 44.4%. جناب والا! کیا آپ سمجھتے ہیں کہ یہ سارا turn out which included all the bogus votes and all the multiple entries, یہ ان سب کو include کرتا تھا۔ اب وہ multiple entries بھی ختم کر دی گئی ہیں، bogus ووٹ بھی ختم کر دیے گئے ہیں اور criteria بھی زیادہ strict کر دیا گیا ہے کہ جس کے پاس

computerized National Identity Card ہے، صرف وہی اپنا ووٹ ڈال سکتا ہے، now the question is that do you expect that in the next election this turn out will be decreased due to such contractions upon the voters? میرا دوسرا سوال ہے کہ to mobilize the voters کیا کیا جار رہا ہے، so that this number of turn out کسی طرح بڑھ جائے؟

جناب احمد بلال محبوب: میں عرض کروں گا کہ South Asian countries میں پاکستان میں سب سے کم voter turn out ہے اور دنیا میں بھی ہم bottom سے تقریباً پانچویں یا چھٹے نمبر پر ہیں۔ آپ کا سوال بڑا intelligent ہے، کئی لوگوں کا خیال ہے کہ ہماری انتخابی فہرستوں میں چونکہ multiple entries ہیں تو یہ padded list ہے،بہت سارے bogus voters کی وجہ سے یہ بہت بڑی list ہے۔ اگر وہ نکال دیے جائیں تو انتخابی فہرست چھوٹی ہو جائے گی۔ اگر انتخابی فہرست چھوٹی ہو جائے اور number of vote cost اتنے ہی رہیں جتنے پہلے رہے ہیں تو voter turn out بڑھ جائے گا کیونکہ آپ percentage of the total registered votes لیتے ہیں تو اگر total registered votes کم ہو جائیں اور ووٹ اتنے ہی polled ہوں تو یہ simple mathematics ہے کہ voter turn out will be more. اب نئی انتخابی فہرستوں کے بعد کیا situation ہو گی یہ دیکھنے والی بات ہے؟ کئی لوگوں کا خیال ہے کہ اب voter turn out بہتر ہونا چاہیے، ایک تو اس وجہ سے کہ listبہتر ہو گئی ہے، دوسری اس وجہ سے بھی کہ کچھ آثار لگ رہے ہیں کہ لوگ، خاص طور پر وہ جو traditionally ووٹ ڈالنے نہیں جاتے تھے، for various reasons سیاسی طور پر وہ تھوڑے سے active ہوئے ہیں، کچھ نئی پارٹیاں ہیں جو ان کو mobilize کر رہی ہیں، اس کے علاوہ کیونکہ democratic era ہے تو لوگ اب اس میں involve ہونا چاہتے ہیں، change چاہتے ہیں تو میرے خیال میں ہمارا اگلا voter turn out شاید ہماری تاریخ کاbig voter turn out ہو گا۔Let's hope, let's make it possible.

جناب سپیکر: جناب جمال نصیر جامی صاحب۔

جناب جمال نصیر جامی: جناب والا! میرا سوال یہ ہے کہ جو technology لائی جارہی ہے یا جو تمام چیزوں کو improve کیا جارہا ہے تو اس کی

بنیادی وجہ یہ ہےکہ ہم voter turn out کو بڑھانا چاہتے ہیں۔ جیسے آپ نے بتایا کہ South Asian Region میں پاکستان کا voter turn out سب سے کم ہے۔ جب عام پبلک میں یا ہمارے گھروں میں جب voter turn out کا معاملہ discuss ہوتا ہے تو سب سے پہلے یہی بات ہوتی کہ کس کو ووٹ دیں سب چور ہیں۔ جناب والا! اس حوالے سے ایک تجویز یہ بھی سننے میں آرہی تھی اور جو کئی ممالک میں رائج ہے جہاں 'کوئی نہیں' کا option بھی ہوتا ہے۔ اس حوالے سے Election Commission نے کوئی work out کیا ہے کہ 'کوئی نہیں' کے option کو شامل کرنے کے بارے میں سوچا جا رہا ہے یا نہیں؟

جناب احمد بلال محبوب: میرے علم میں تو نہیں کہ Election Commission 'کوئی نہیں' کے option پر غور کر رہا ہے۔ بنگلہ دیش میں جب 2008 میں الیکشن ہوئے تو انہوں نے پہلی مرتبہ ووٹروں کے لیے یہ option رکھی تھی لیکن وہاں پر بہت تھوڑی تعداد میں ایسے ووٹر آئے بلکہ انہوں نے ایک condition رکھی تھی کہ اگر کسی constituency میں total registered votes کے 50% سے زیادہ لوگوں نے یہ کہا کہ 'کوئی نہیں' تو وہاں کا الیکشن کالعدم قرار دے دیں گے، الیکشن دوبارہ کروائیں گے لیکن مشکل سے کسی جگہ پر ایک فیصد بھی نہیں تھا یعنی below 01% لوگوں نے یہ کہا کہ 'کوئی نہیں'۔ پاکستان میں بھی کم وبیش صورت حال یہی ہو گی۔ بہت کم لوگ ہوں گے جو صرف یہ کہنے کے لیے پولنگ اسٹیشن جانے کی زحمت کریں گے کہ میں کسی کو ووٹ نہیں دیتا، اس لیے مشکل ہے۔ میرے خیال میں ہماری یہ thinking بھی تبدیل ہونی چاہیے۔ اگر سب چور ہیں تو آپ کھڑے ہوجائیں، آپ اپنے آپ کو volunteer کریں لیکن ہر ایک کی مذمت کرنا، ہر ایک کو criticize کرنا اور خود کچھ نہ کرنا، میرے خیال میں اس culture کو بدلنا چاہیے۔

(ڈیسک بجائے گئے)

جناب احمد بلال محبوب: آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ سب کو reject کریں اور پھر اپنی پارٹی بنائیں، آپ خود پیش ہوں۔ جن لوگوں نے پارٹی بنائی ہے، جنہوں نے political struggle کی ہے، شہر شہر ، دیہات دیہات ووٹوں

کے لیے گھومتے ہیں تو میرے خیال میں ان کی قدر کرنی چاہیے۔ میرا نہیں خیال کہ سب لوگ چور ہیں، کچھ لوگ چور ہیں تو کچھ لوگ اچھے بھی ہیں۔ ان کی تلاش کرنی چاہیے، ان کو encourage کرنا چاہیے، ان کی support کرنی چاہیے۔ اگر کہیں نہ ملیں تو پھر آپ کا یہ فرض ہے کہ آپ خود اپنے آپ کو volunteer کریں لیکن اگر آپ خود بھی اس category میں شامل ہیں تو پھر الگ بات ہے، ظاہر ہے پھر آپ کے پاس کوئی choice نہیں ہے۔

جناب سپیکر: جناب فہد مظہر علی صاحب۔

جناب فہد مظہر علی: جناب والا! ہم نے ماضی میں دیکھا ہے کہ ہمارے ملک میں الیکشن کے دوران یہ ہوتا رہا ہے کہ پولنگ کے لیے Presiding Officers and Assistant Presiding Officers کو تعینات کیا جاتا ہے، یہ لوگ پرائمری، مڈل اور ہائی سکولوں کے ٹیچر ہوتے ہیں۔ اگر more or less education کو as a provincial subject دیکھا جائے اور ان کی appointment دیکھی جائے کیونکہ ٹیچروں کی بھرتی سیاسی بنیادوں پر ہوتی ہے۔ Election Commission کے level پر بہت کچھ ہو رہا ہے تو اس چیز کو بھی مدنظر رکھا جائے کیونکہ جو لوگ اس تمام process کے custodian بنتے ہیں، ان کی کسی پارٹی سے affiliation نہیں ہونی چاہیے۔ آپ اس پر کچھ elaborate کرنا چاہیں گے؟

جناب احمد بلال محبوب: آپ کی بات تو صحیح ہے، یہ بہت بڑا مسئلہ ہے لیکن اس کو کیسے address کیا جائے؟ اس کا کیا حل ہے؟ اس پر بہت سی باتیں ہوتی رہتی ہیں، ایک تجویز یہ ہے کہ کسی ایک ضلع کے ملازمین کو اسی ضلع میں as a poling staff تعینات نہ کیا جائے، انہیں next district میں بھیج دیا جائے کیونکہ عموماً وہ اس ضلع کے influential کے under زیادہ influence ہوتے ہیں اور وہ انہیں oblige کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ یہ ایک تجویز ہے اور ابھی discuss ہو رہی ہے۔ مجھے بہت خوشی کہ آپ لوگ اس بارے میں سوچ رہے ہیں، آپ کے ذہنوں میں یہ سارے خیالات آرہے ہیں۔ آپ ان ساری چیزوں کو ہوا میں نہ اڑنے دیں، انہیں compile کریں، آپ کی پارٹی کے جو بھی head بنیں یا اس کے

لیے head کا بھی انتظارنہ کریں، کوئی صاحب یہ چیزیں compile کرے۔ میرے خیال میں ہمارے Reporters ہمارے ساتھ cooperate کریں گے اور اجلاس کا transcript ہمیں جلدی دے دیں گے تو یہ بھی ہم آپ کو بھجوا دے دیں گے۔ اس بنیاد پر اگر آپ یہ ساری تجاویز compile کریں اور ایک report بنائیں تو یہ بہت valuable چیز ہو گی لیکن یہ issue بہت بڑا ہے۔

جناب فہد مظہر علی: جناب والا! اس میں ایک بات یہ بھی ہے کہ اگر future میں ایسا initiative لیا جائے تو ہمارے urban areas میں کچھ enforcement ہو جائے گی لیکن ضرورت اس بات کی ہے کہ جو over estimated results آتے ہیں وہ rural areas سے آتے ہیں اور وہاں پر یہ چیز زیادہ ہے۔ اگر ہم ملک میں کوئی reform کرنا بھی چاہتے ہیں تو it should be from rural to urban areas. لوگ اس چیز کو urban areas سے initiate کر کے own نہیں کرتے، جبکہ پاکستان کےباقی لوگ کہتے ہیں کہ یہ ہمارے اوپر imposition from the urban areas ہے۔ اس میں پھر ایک dissatisfaction آجاتی ہے تو reforms جو بھی ہوں، میری ایک advise ہے کہ برائے مہربانی اسے rural areas سےurban areas میں لایا جائے، پاکستان کے مستقبل کے لیے اس میں بہتری ہو گی۔

جناب سپیکر: جناب حسن اشرف صاحب۔

Mr. Hassan Ashraf: Mr. Speaker, my question is around overseas postal vote. It is going to cost us a lot more for overseas postal votes. Many of them hold dual nationality as well and why we are giving them the right to vote if they do not have the right to contest the election? If we are giving them the right to vote then they should also have the right to contest the election similarly. Thank you.

Mr. Ahmed Bilal Mehboob: This is a very intelligent question and very legitimate one. I sympathized with the idea underlined the question. I do have my own concerns about that and Election Commission has calculated that it is going to cost them about twenty times more per vote to facilitate an overseas Pakistani voter. Not only that there is going to be other complications

too, as you know most of the governments in the Gulf where large number of Pakistanis are concentrated in Saudi Arabia, UAE, Bahrain and Kuwait, they don't have a culture of very open democratic society. So, once you give the voting right to people there then I think greater political activity would also start there among the voters. Candidate will go to convince them, to address them, to hold meetings and all that will make our workforce less attractive for those countries, so, this is also a problem. So, there is other problem too.

ابھی تو بہت تھوڑے سے postal ballots ہوتے ہیں کیونکہ government servants ہیں یا قیدی ہیں لیکن ہر الیکشن میں پارٹیاں یہ سوال اٹھاتی ہیں کہ postal ballot کے ذریعے rigging ہو گی، جو پارٹی in power ہے وہ دھڑا دھڑ postal ballots register کروا رہی ہے تاکہ وہ الیکشن کے results پر اثر انداز ہو سکے۔ اگرچہ ہم نے پچھلے الیکشن میں اس کو verify کیا تھا اور پتا چلا تھا کہ یہ الزامات صحیح نہیں ہیں، جہاں پر کہا گیا تھا کہ اتنی بڑی تعداد میں postal ballots register ہوئے ہیں، وہ ایسے نہیں ہوئے تھے لیکن اب چونکہ واقعی بڑی تعداد میں overseas Pakistanis as voters register ہوں گے، میرے خیال میں آٹھ نو ملین voters تو register ہوں گے، ان کی تعداد اس سے بھی زیادہ ہے، so this is going to raise many questions, it is going to raise more questions then this practice is going to answer. یہ سوالات ہیں، آپ بھی raise کریں، discuss کریں and give your ideas because I think overseas Pakistanis کے postal ballot کی facility پر still final decision is yet to be taken on detail. اگر آپ کی طرف سے کوئی ideas جائیں گے تو I think Election Commission will definitely look at it. One of you can work on overseas Pakistanis votes you can divide among yourself various segments of this whole electoral rolls exercise.

جناب سپیکر! Election Commission نے duel nationality پر ایک بہت اچھی چیز کی ہے، once again we must commend Election Commission of Pakistan کہ اب وہ candidate تو نہیں ہوسکتے اور ووٹر ہونے کی position clear نہیں ہے، میرے خیال میں وہ ووٹر ہو سکتے ہیں کیونکہ کوئی ایسا قانون نہیں ہے جو کسی dual nationality holder کو as a voter ہونے سے روکتا ہو۔ If you think

that is not the right thing then you must propose a new legislation.

جناب سپیکر: محترمہ انم ضیاء صاحبہ۔

Miss Anum Zia: Mr. Speaker! I did not have a question until and unless have you started answering the questions. You have told us that the Election Commission had proposed a very techno-centric way of voting, everything is becoming in fact technology based. Personally, I have been to different parts of Pakistan and interior of Pakistan in Bhera, Khushab, everywhere in Balochistan and Sindh. What I feel is if you are complicating the process, don't you feel the voter turn out will lesser in fact than becoming more because as my brother pointed out that the earlier voter turn out was less, even though you pointed out that we do have a high number of voters who come out and vote, but if you are programming the whole thing in such a way when we know the incompetency of NADRA. We know that the whole shift from the ordinary cards to these computerized identity cards and now when we know about the fragmentation of politics. Don't you think that will create more problems for the voters to come up and vote? Thank you.

جناب احمد بلال محبوب: یہ بہت intelligent and legitimate سوال ہے۔

دنیا میں جہاں یہ electronic voting machines use ہوتی رہی ہیں،اب وہاں پر بھی یہ trend ہے کہ they are moving away from that because this is causing problems, you know very celebrated case in the United States جب بش کا دوسرا الیکشن تھا تو اس وقت فلوریڈا میں there was a big mess up that was mainly because of the electronic voting machines. یہ عجیب سی بات ہے کہ جن ملکوں میں electronic voting machine introduce ہوئی ہے، they are moving away from that, they are coming back to manual because they think that is more reliable لیکن جن ملکوں میں manual voting ہے they want to experiment with electronic voting machine and Pakistan is one of those countries. ایک اچھی چیز یہ ہے کہ a similar voting machine has been used in India successively and very successfully تو ایک ایسا model اور انڈیا کی population is not more literate than ours بہت تھوڑا سا فرق ہو

گا، culture بھی ایک جیسا ہے، اگر یہ وہاں پر successfully use ہو سکتی ہے تو ہمارے ہاں بھی ہو سکتی ہے لیکن ابھی تک اسے use بھی نہیں کر رہے ہیں۔ اس الیکشن میں I don’t think that at the voter end it is going to be a techno-centric exercise. Yes, processing of votes, checking of bogus votes and these things are going to be technical but at the voter end I don’t think it is going to complicate and it is going to scare them away, not yet, but the question is legitimate in the context of the trend. کل اگر electronic voting machines آ جائیں تو will it attract more voters? Will it’s scare them away or it will make things more complicated? اس سے کوئی غلطی ہو گئی تو the whole legitimacy of electoral process may be called into question تو یہ بہت legitimate questions ہیں، دنیا میں جہاں بھی technology introduce ہوتی ہے تو شروع میں ایسے سوالات کیے جاتے ہیں and I am glad you are asking these questions.

جناب سپیکر: ڈاکٹر علی رضا صاحب۔

ڈاکٹر علی رضا: جناب والا! آپ نے mentioned کیا تھا کہ 2007 کے electoral rolls میں eighty one million voters registered تھے، currently ہماری آبادی round about 120 million کے قریب ہے تو باقی کے 39 million people کہاں گئے؟

جناب احمد بلال محبوب: ووٹر کے لیے چونکہ اٹھارہ سال کا ہونا شرط ہے اور کچھ ووٹر ایسے بھی ہیں جنہوں نے اپنے نام register نہیں کروائے ہوئے تھے۔

جناب سپیکر: جناب عتیق الرحمٰن صاحب۔

جناب عتیق الرحمٰن: شکریہ جناب سپیکر! آپ نے میرے ایک بھائی کے سوال کا جواب میں کہاتھا کہ Election Commission of Pakistan media کے ذریعے لوگوں کو motivate کرے گا کہ الیکشن والے دن وہ زیادہ سے زیادہ تعداد میں ووٹ ڈالنے کے لیے جائیں۔ جناب والا! الیکشن والے دن سب سے بڑا issue لڑائی کاہوتاہے، وہاں بہت لڑائیاں ہوتی ہیں، بہت زیادہ فائرنگ ہوتی ہے جس کی وجہ سے بہت کم لوگ ووٹ ڈالنے جاتے ہیں۔ پچھلے دنوں میرے صوبائی اسمبلی

کے حلقے میں ضمنی الیکشن ہوئے جس میں بہت لڑائی ہوئی، باہر پولیس کھڑی تھی لیکن کوئی action نہیں ہوا۔ اگر Election Commission اسی ایک مسئلے پر قابو پا لے تو میرے خیال میں زیادہ ووٹ cast ہو سکتے ہیں۔

جناب احمد بلال محبوب: یہ اچھا idea ہے اور اس سے کوئی بھی اختلاف نہیں کرے گا۔

Mr. Speaker: With this thank you Mr. Bilal Sahib for your eliminating address and good piercing, intelligent questions coming from our Youth Parliament.

جناب احمد بلال محبوب: جناب سپیکر! میں کچھ آخری باتیں کہہ سکتا ہوں؟

جناب سپیکر: جی بالکل۔

جناب احمد بلال محبوب: جناب سپیکر! میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ جس قسم کے سوالات honourable members of the Youth Parliament نے اٹھائے ہیں، مجھے بہت خوشی ہوئی ہے it's very good quality of questions, very intelligent and informed questions. صبح میرا mood off ہو رہا تھا کہ لوگ اجلاس میں شرکت کے لیے وقت کے بعد آ رہے تھے تو وہ the quality of questions سے بہت compensate ہو گیا ہے۔ شکریہ بہت بہت۔

Mr. Speaker: Honourable members, you were interested yesterday that if a chance is given to change the party's line, you have some time till 3:00 p.m., to think about if you want to change or any gentleman member want to change then you have until 3:00 p.m., choice to make both either in a limited number not so many to make it change from Blue Party to Green Party not from Green Party to Blue Party.

Mr. Muhammad Taimoor Shah: Sir, with due respect, it was unanimously decided by the opposition that the manifesto was published by the PILDAT Secretariat and it was mandatory and obligatory for everybody to read that manifesto of the party in true loyalty with it. You have to be loyal to it, the

thing is that we are sitting as an opposition and we unanimously decided that we will a strong opposition. We have taken the oath of Green Party and they have taken the oath of Blue Party, we are loyal to our oath and we will not accept any addition to this party.

(Desk thumbing)

Mr. Speaker: Well Taimoor Shah Sahib it is amongst you to discuss and if either party does not agree with each other then it is end of the matter but as far as we thought that the Blue Party is little more in number and to decrease their 2/3rd majority not that to strengthen you. You are capable enough, your whole team is good enough but we thought to strengthen by number. The House is adjourned and to meet again today at 12:00 noon.

[The House was then adjourned to meet again at 12:00 noon]

[The House was reassembled at 12:00 with Mr. Speaker (Mr. Wazir Ahmed Jogazi in Chair]

جناب سپیکر: کوئی ایسا ممبر جس نے ابھی تک حلف نہیں اٹھایا؟ کوئی نہیں ہے۔

Honourable members! punctuality is the hallmark for your behaviour, if you would not be punctual there could be serious repercussions for the person who is not adhering to the punctuality. Yesterday, we made it very clear that punctuality is to be respected and this is one part of the learning that you got to be adopting here and for the rest of your life that punctuality makes many things easier in life. The Youth Parliament, we will be rather strict on the punctuality and specially, when you live in the same hotel and you are late and then you still would not accept that you are late will not be accepted. We excuse you for today but in future please make sure that you are most punctual than anybody else and also in your outlook we would love to see that you are forward looking men and women for the future rather than getting to the history which in any case is replete with so much of mistakes, so much of hiccups, so much of problems and

if we keep on referring to that you would not be able to look forward. So, please look forward whatever is happened is happened and with your intelligence that we have seen today we are accepting you that you will be looking into the future and you would be suggesting ways and means how to get out of the problems that we are situated in today. That is our request from you all that you should really seek a solution to the problem rather than explaining the problem, the problem is there but you need to have a solution to the problem. The problem is got to be solved and you got to have solution to the problem.

Resolution

> "This House is of the opinion that the issues of the province of Balochistan are of serious nature. It advises the Government to look for way to resolve the issues of the province which now pose a threat to the very existence of the country. The House condemns the Resolution moved in the US Congress regarding Balochistan".

Mr. Speaker: We have a resolution at hand, the movers are Malik Rehan Baloch Sahib and Mr. Muhammad Haseeb Ahsan Sahib, either of you can move the resolution?

Malik Rehan Baloch: Mr. Speaker! I beg to move;

> "That this house is of the opinion that the issues of the province of Balochistan are of serious nature. It advises the Government to look for ways to resolve the issues of the province which now pose a threat to the very existence of the country. The House condemns the Resolution moved in the US Congress regarding Balochistan".

Mr. Spekaer: Thank you. Malik Sahib you have got to address the Chair like 'Mr. Speaker" not Excellency,

you honourable members اگر سارجنٹ ایٹ آرمز یہ کہہ رہے ہیں تو وہ کہیں لیکن to address the Chair as "Mr. Speaker", so, you can explain your resolution and then we will invite either side to speak on it. If you could give your names so that I can call you or I call you on my own.

جناب ملک ریحان بلوچ: جناب والا! بلوچستان کا مسئلہ قومی مسئلہ

ہے ہم نے ساٹھ سالوں سے اس کا کوئی permanent حل یا کوئی permanent solution نہیں ڈھونڈی ہے ہر وقت وفاق اور صوبہ at the daggers drawn رہے ہیں، ہر وقت یہ confrontation رہی ہے۔ یہ مسئلہ political and economical ہے، ہم نے اس کو غلط رنگ دے دیا ہے۔ ہم نے ان issues کو solve کرنے کے لیے آرمی کو استعمال کیا ہے but military is not the ultimate solution. بلوچستان میں قیام پاکستان سے یہ sense of deprivation رہا ہے کیونکہ ہمیں تعلیم سے دور رکھا گیا ہے، وہاں پر infrastructure بالکل ہی نہیں ہے، وہاں health nonexistence ہے۔ ہم بلوچستان کے لیے جو demand کر تے ہیں، 1973 کے آئین میں جو درج تھا، وہ in true sense implement نہیں ہوا، اس پر whether Punjab is reluctant or federal is reluctant but ابھی someone is reluctant to give provincial autonomy. recently 18th Amendment pass کی گئی ہے، اس کی بھی in true sense implementation نہیں ہے، صحیح طرح سے devolution نہیں ہو رہی، اس میں بہت سے faults ہیں جنہیں ہم نے ڈھونڈنا ہے۔ اس Youth Parliament میں بلوچستان کے لوگ بھی بیٹھے ہیں، سندھ کے لوگ بھی ہیں، خیبر پختونخوا کے لوگ بھی ہیں اور پنجاب کے لوگ بیٹھے ہیں، ہم سب کو مل کر اس مسئلے کی permanent solution ڈھونڈنی چاہیے تاکہ ہم یہاں بیٹھ کر وفاق کو blame کریں یا بلوچستان کو blame کریں بلکہ ہمیں اس مسئلے کا دیرپا مستقل حل ڈھونڈنا چاہیے۔ ہم سب کو پتا ہونا چاہیے کہ ایک مرغی جو پنجرے میں بند ہے وہ کیوں گنگناتی ہے؟ کیوں گاتی ہے؟ because she is being exploited, she is being suppressed, she is being dominated. بلوچستان کے عوام چاہے وہ پختون ہوں، چاہے بلوچ ہوں، ان میں freedom of expression, freedom of thought, freedom of union ہے ہی نہیں، fundamental rights ہمیں نہیں دیے جارہے ہیں۔ We want these rights, these privileges.

جناب والا! کچھ لوگ کہتے ہیں کہ بلوچی لوگ against the state ہیں، we are not against the state, Baloch people are not against the state, they are against the system. ہمیں اس colonial system کو تبدیل کرنا چاہیے جو ابھی تک ہم پرزبردستی implement ہو رہا ہے۔ یہ system change ہونا چاہیے کیونکہ اگر یہ

تبدیل نہ ہوا تو یہ fatal ثابت ہو گا، یہ ہماری integrity, sovereignty and state کو کبھی بھی destabilize کر سکتا ہے۔ US Congress میں ابھی جو debate چل رہی ہے،اس کے لیے وہ کسی بھی وقت form میں آ سکتے ہیں اور concrete step adopt کر سکتے ہیں۔ اس لیے میری suggestion ہے کہ Youth Parliament Secretariat and Youth Members مل بیٹھ کر ایک حل ڈھونڈیں کیونکہ بہت سے لوگ پنجاب سے آئے ہیں، they know the reality but they don't know the ground realities. مجھے بلائیں، میں بتاؤں گا کہ بلوچستان کا real problem کیا ہے؟ ہم سب کو مل کر ایک permanent solution تلاش کرنی چاہیے اور اسے اپنی civil leadership کو forward کرنا چاہیے، انہیں بتانا چاہیے کہ بلوچستان کا مسئلہ یہ ہے اور اس کا حل یہ ہے۔ شکریہ جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: محمد حسیب احسن صاحب۔

جناب محمد حسیب احسن: اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب سپیکر! بلوچستان کے خلاف US Congress میں جو قرارداد پیش کی گئی ہے، ہم سب اس کی مذمت کرتے ہیں۔ میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ وہ کیا مسائل ہیں جن کی وجہ سے بلوچستان پاکستان سے الگ ہونے کے دوراہے پر پہنچ گیا ہے؟ اس کی بہت سی وجوہات ہیں، 1947 کے بعد سے ہی بلوچستان کو نظرانداز کیا گیا، بلوچیوں کو ان کے حقوق نہیں دیے گئے۔ موجودہ حکومت نے بھی آغاز حقوق بلوچستان کا Bill pass کیا اور ان کے لیے 12-2011 کےبجٹ میں 164.447 billion رکھے گئے ہیں۔ ہمیں اس بارے میں پوچھنا ہے کہ کیا ان پیسوں سے ایک روپیہ بھی بلوچ عوام پر خرچ کیا گیا؟ اس وقت وہاں اپوزیشن میں صرف ایک یا دو ممبر موجود ہیں جبکہ باقی سب لوگ حکومت میں شامل ہیں۔ کیا وہ لوگ اپنی عوام کی صحیح طور پر خدمت کر رہے ہیں؟ کیا وفاق کی طرف سے ان کو دیے جانے والے پیسوں کا صحیح استعمال ہو رہا ہے؟ اگر وہاں کے elected leaders اپنی عوام کی صحیح خدمت نہیں کریں گے اور صوبے کے لیے دیے جانے والے funds کا صحیح استعمال نہیں کریں گے تو باقی پاکستان تو دور کی بات ہے۔ وفاق کو چاہیے کہ اس کی accountability کرے اور وہاں کے ممبران کو pressurize کرے

کہ وہ عوام کے حقوق کی صحیح ترجمانی کریں۔ آغاز حقوق بلوچستان میں 2010-2011 کے بجٹ میں152 billion مختص کیے گئے لیکن اس fund کا بھی ابھی تک کچھ پتا نہیں کیونکہ ابھی تک وہاں ایک بھی سڑک نہیں بنی۔ وہاں سے روزانہ مسخ شدہ لاشیں مل رہی ہیں۔ وہاں کے حالات بہت خراب ہیں۔ اعداد وشمار کے مطابق تقریباً پانچ اضلاع جن میں کوئٹہ، ڈیرہ بگٹی، سبی اور دیگر دو اضلاع شامل ہیں، وہاں حالات زیادہ خراب ہیں۔ I.G. F.C کے مطابق وہاں اس وقت انچاس ہزار سے زیادہ F.C کے اہلکار تعینات ہیں۔ اگر یہ انچاس ہزار سے زیادہ ایف سی اہلکار تعینات ہیں تو وہ کیا کر رہے ہیں؟ حالات اتنے خراب کیوں ہیں؟ صرف پانچ اضلاع میں حالات زیادہ خراب ہیں، انہیں control کیا جائے یہ نہ ہو کہ دیگر پندرہ اضلاع میں یہ صورت حال ہو جائے۔

جناب والا! ‘امت’ اخبار کی سولہ مئی کی اشاعت میں ایک بہت اہم report پیش کی گئی ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ بلوچستان کے باغی رہنماؤں کی امریکی think tanks نے Geneva (Switzerland) میں بلوچستان کو توڑنے کے لیے ایک ملاقات کرائی ہے۔ امت اخبار کے مطابق اس میں directly CIA involved ہے۔ انہوں نے یہ decide کیا تھا کہ بلوچستان کے حق میں US Congress میں ایک resolution لائیں گے اور دو دنوں بعد یہ resolution پیش کر دی گئی۔ وہ لوگ جنوبی سوڈان جیسا formula بلوچستان پر implement کروانا چاہ رہے ہیں۔ہماری آرمی اور ہماری security forces کو چاہیے کہ وہ اپنی بیرکوں میں واپس جائیں، بلوچستان کو democratically کام کرنے دیں تاکہ وہاں کے لوگوں کو ان کے حقوق ملیں۔ وہاں کے missing persons کو واپس اپنے گھروں میں پہنچایا جائے۔ ہمارا میڈیا،سینیٹ اور قومی اسمبلی میں گول مول یہ بات کہی جاتی ہے کہ پاکستان آرمی اور پاکستانی agencies بندے غائب کر رہی ہیں اور روزانہ مسخ شدہ لاشیں مل رہی ہیں، ہر آدمی میں یہی concept develop ہوا ہے لیکن کوئی بھی directly یہ بات نہیں کہہ رہا جبکہ یہ چیز موجود ہے اوراس کو ختم کیا جائے۔ باقی صوبوں کو چاہیے کہ بلوچستان اس وقت مشکل میں ہے، بلوچستان ہمارا بھائی ہے، پنجاب، خیبر پختونخوا، سندھ، گلگت بلتستان یہ تمام بلوچستان کا ساتھ دیں اور ہاتھ سے ہاتھ

ملا کر ان کے ساتھ چلیں تاکہ بلوچستان کے لوگوں کو بھی احساس ہو کہ یہ ہمارے بھائی ہیں، ان کے مشکل وقت میں ہمیں ان کا ساتھ دینا ہے تاکہ ہم بلوچستان کو مشرقی پاکستان بننے سے بچا سکیں۔ شکریہ۔

Mr. Speaker: A lot number of members who want to speak, so let's restrict ourselves to five minutes each and then we conclude this. Miss Mehreen syeda Sahiba.

محترمہ مہرین سیدہ: جناب والا! پہلے تو میں یہ کہنا چاہوں گی کہ ہم سب اس کی مذمت کرتے ہیں، امریکی مداخلت کو پاکستانی برداشت نہیں کر سکتے۔کسی بھی ملک میں آپ اپنی جڑیں اس طرح گاڑ دیں کہ اس کی اپنی جڑیں بالکل کھوکھلی کر دیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ ہم ہمیشہ کہتے ہیں کہ بلوچستان سے احساس محرومی ختم کیا جائے۔ تمام لوگ احساس محرومی ختم کرنے کی بات کرتے ہیں لیکن اسے کس طرح سے ختم کیا جائے،ہمیں ابھی تک اس کا کوئی مناسب حل نہیں ملا۔ جناب والا! اس کے لیے بجائے یہ کہ مختلف صوبوں سے ان کو امداد دی جائے اور انہیں امداد لینے کا addict بنا دیا جائے اور انہیں کہا جائے کہ آپ کو scholarships کے ذریعے امداد دیں گے، یہ زیادہ ضروری ہے کہ آپ وہاں پر infrastructure قائم کریں، وہاں یونیورسٹیاں قائم کریں، industries بنائیں، بلوچستان کا علاقہ معدنی وسائل سے مالامال ہے، آپ ان وسائل کو explore کریں، وہاں یونیورسٹیاں اور فیکٹریاں لگائیں تاکہ وہاں کے لوگوں کو روزگار ملے۔ ان کو امداد دینے کی بجائے یہ ان کے لیے ایک بہت اچھا ذریعہ ہو سکتا ہے۔ پاکستان کے جتنے بھی صوبے ہیں، وہ اس طریقے سے بلوچستان کی معاونت کر سکتے ہیں اور اس بات کی حمایت ہونی چاہیے۔ شکریہ۔

جناب سپیکر: تیمور شاہ صاحب۔

جناب محمد تیمور شاہ: جناب سپیکر! ہم جو resolution پیش کر رہے ہیں، اس کا مقصد یہ ہے کہ ایک تو ہم امریکہ کو condemn کر رہے ہیں مگر ہمیں اُس وجہ کو ڈھونڈنا ہے کہ کیوں لوگ یہ سوچ رہے ہیں کہ وہاں human rights violations ہو رہی ہیں؟ لوگ کیوں یہ سوچ رہے ہیں بلوچستان کو ایک حق ملنا

چاہیے؟ ہم نے یہاں جتنی بھی گفتگو کی ہے، وہ میڈیا کی reports ہیں،میڈیا میں تو یہ بھی بہت آ رہا ہے کہ انڈیا براہ راست بلوچستان میں insurgency کو sponsor کر رہا ہے، Indian Embassy in Afghanistan is sponsoring, facilitating all the insurgents in Balochistan and there has been a significant source of information about the foreign hand involvement in Balochistan. جناب والا! مسئلہ صرف یہ ہے کہ ہم نے بلوچستان کو اس کے حقوق سے محروم رکھا ہے۔ ہم نے بلوچستان کو وہ حصہ نہیں دیا جو اسے ملنا چاہیے تھا۔ یہی بات Council of Common Interests میں بھی اٹھائی جانی چاہیے کہ بلوچستان کو ہر مرتبہout of hand over look کیا گیا، بلوچستان کو اس کا حق دینا چاہیے۔ہم جب بات کرتے ہیں کہ بلوچستان میں اتنے ذخائر ہیں، کوئلہ بھی وہاں سے نکلتا ہے، گیس بھی وہاں موجود ہے، ریکوڈک اور سینڈک میں copper mines and gold reserves ہیں۔ The thing we are talking about is that یہ ایک international law ہے کہ کہیں سے بھی اگر کوئی resource or precious material and metal نکلتا ہے تو وہاں کے local area کو royalty دی جاتی ہے تو بلوچستان کو royalty دی جائے۔ اگر سینڈک سے copper نکل رہی ہے تو اس کی royalty سینڈک کے لوگوں کو ملنی چاہیے اور اس پیسے سے وہاں کی development ہونی چاہیے۔ اگر ریکوڈک سے سونا نکل رہا ہے تو اس کی royalty سے وہاں کی development ہونی چاہیے۔ اگر سوئی کے مقام سے گیس نکل رہی ہے تو سوئی کے رہنے والوں کو سب سے پہلے گیس ملنی چاہیے۔ شکریہ۔

جناب سپیکر: جناب جمال نصیر جامی صاحب۔

جناب جمال نصیر جامی: جناب سپیکر! بلوچستان کےحوالے سے چند تاریخی حقائق ہیں کہ ہم نے بلوچستان کو کس طرح neglect کیا اور اسے کس طرح مشکلات کا شکار رکھا ہے۔1948 میں سبی کے مقام پر گیس دریافت کی جاتی ہے اور یہ گیس 1988 میں کوئٹہ پہنچتی ہے۔ ایوب خان صاحب ایک operation launch کرتے ہیں، اس کے بعد Mr. Zulfiqar Ali Bhutto Civil Martial Law Administrator کے دور میں ایک operation launch کیا جاتا ہے اور پھر مشرف صاحب انہیں کہتے ہیں کہ میں تمہیں وہاں سے ماروں گا جہاں سے تمہیں پتا بھی نہیں چلے گا۔

جناب والا! اس کے بعد آغاز حقوق بلوچستان کا ڈرامہ رچایا جاتا ہے، جیسے میرے بھائی نے کہا کہ اس پر بھی کوئی پیش رفت نہیں ہوسکی۔ اٹھارھویں ترمیم میں بتایا جاتا ہے کہ انہیں صوبائی خودمختاری دے دی جائے گی لیکن اس پر بھی عملدرآمد نہیں ہوتا۔ اگر operation کو بھی دیکھا جائے تو یہ بات واضح ہے کہ وہاں پر اکثریت میں موجود تین چار قوموں میں سے ایک خاص قوم کے خلاف operationہو رہا ہے۔ جناب والا! ہم نے یہاں غیرملکی مداخلت کی مذمت کی لیکن ہم نے اس کو خود موقع دیا ہے، جب ہمارے اپنے قریبی دشمن کے بارے میں صدر صاحب بھی کہتے ہیں کہ میں اس کے خلاف بیان نہیں دے سکتا تو امریکہ تو ہمارا مائی باپ ہے۔

جناب والا! نوجوانوں کی لاشیں گھروں میں آتی ہیں ،مسخ شدہ لاشوں کے تجربے سے میں گزر چکا ہوں جب کوئی ماں یہ کہنے پر مجبور ہو جائے کہ بے شک میرے نوجوان بیٹے کی لاش ہی دے دو لیکن مجھے پتا تو چلے کہ وہ کہاں ہے،جناب والا! یہ بہت تلخ تجربات ہوتے ہیں۔ جناب والا! جب آخری operation شروع ہوا تو جنرل عبدالقادر صاحب بلوچستان کے گورنر تھے، میں ایوب خان کے operation کی بات نہیں کرتا، بھٹو صاحب کے operation کی بات نہیں کرتا لیکن اس وقت جو حالات خراب ہیں، اگر وہاں کا سابق گورنر کہہ رہا ہے کہ ایک commission بنائیں، مجھے impeach کریں، میں تمام لوگوں کے بارے میں بتاؤں گا کہ کن لوگوں نے operation launch کیا تھا تو میرے خیال میں ہمیں ایک commission بنانے پر تو غور کرنا چاہیے۔

جناب سپیکر! گوادر پورٹ بنایا گیا لیکن اس میں بھی بلوچوں کو حقوق نہیں دیے گئے۔ دنیا میں training system ہوتا ہے، مقامی لوگوں کو training دی جاتی ہے، انہیں وہاں کے system کا حصہ بنایا جاتا ہے جبکہ یہاں پر کچھ بھی نہیں ہے، انہیں وہاں پر کم از کم عرب ممالک کی طرح کفیل تو بنایا جا سکتا ہے کہ اگر کوئی غیر ملکی business کرنے آئے تو انہیں مقامی افراد کو بحیثیت کفیل رکھنا پڑے اور اسے کچھ حصہ دے۔ اگر تمام سیاسی جماعتوں کو بھی دیکھیں تو مرکزی سطح پر اپنے بلوچ رہنماؤں کو نظرانداز کیا ہے اور معذرت کے ساتھ مجھےکسی

بھی سیاسی جماعت میں مرکزی سطح پر کوئی بلوچ رہنما نظر نہیں آتا۔

جناب والا! یہ وہ تمام issues ہیں جن پر ہمیں کوئی commission بنانا چاہیے۔ اب ہم مشرقی پاکستان کی طرح مزید کوئی پلٹن برداشت نہیں کرسکتے کہ جہاں پر ہم رسوا ہوئے اور ہمیں ہتھیار ڈال کراپنے پڑوسی دشمن کی قید میں جانا پڑا۔ بہتر یہی ہے کہ اس سے پہلے ہی کوئی commission بنایا جائے اور اس کی تمام policies پر عملدرآمد کیا جائے۔بلوچ عوام سے صرف معافی سے کام نہیں چلے گا، اگر آپ نے معافی مانگنے کے بعد آغاز حقوق بلوچستان کا package دیا تھا تو اس پر عملدرآمد کی ضرورت ہے۔ شکریہ۔

جناب سپیکر: جناب ملک حماد صاحب۔

جناب محمد حمادملک: جناب سپیکر! جیسا کہ ابھی میرے بھائیوں نے بات کی کہ وہ کیا مسائل تھے جن کی وجہ سے بلوچستان کا معاملہ درپیش آیا؟ بلوچستان کے background کے بارے میں میرے بھائی کافی بات کر چکے ہیں۔ میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ ہم انہی قدموں پر دوبارہ چل رہے ہیں جو ہم نے سقوط ڈھاکہ کے دوران اٹھائے تھے۔ بات یہ ہے کہ اب ہمیں آگے کیا کرنا چاہیے؟ بلوچستان والے ہمارے بھائی ہیں، ہمارے ملک کا حصہ ہیں، ایسی کیا وجہ ہے کہ ہماری حکومت، ہماری establishment یا دوسرے لوگ ان لوگوں کے ساتھ مذاکرات کی میز پر کیوں نہیں جاتے؟ ایسی کیا وجوہات ہیں جن کی وجہ سے وہ لوگ militancy پر اتر آئے ہیں، اگر ہم کہتے ہیں کہ for the innocent killings of Punjabis and Army BLA responsible ہے تو وہ کیا وجوہات ہیں جو BLA کو یہ سب کرنے پر مجبور کر رہی ہیں اور ہم ان وجوہات کا سدباب کیوں نہیں کر رہے؟ ہمیں یہ دیکھنا ہوگا کہ وہ کیا وجوہات ہیں جن کی بنیاد پر وہاں مسخ شدہ لاشیں پھینکی جارہی ہیں، چاہے وہ کوئی بھی فوج ہے یا کوئی تیسرا عنصر ہے جو یہ کام کر رہا ہے، وہ یہ کام کیوں کر رہا ہے؟ وہ بلوچوں کو کیوں اپنے مخالف کر رہا ہے؟ ہمارے وزیراعظم اور وزیرداخلہ اگر کراچی میں قتل و غارت گری پر فوراً action لے سکتے ہیں، وہاں جا سکتے ہیں تو وہ مذاکرات کے لیے بلوچستان کیوں نہیں جا سکتے؟ ہمارے ہاں negotiation and dialogue کا جو فقدان پایا جا رہا ہے، یہی چیز

اس وقت بلوچستان کی situation کو مزید تباہ کیے جا رہی ہے۔ ہم ایک جمہوری حکومت میں رہ رہے ہیں، ہماری جمہوری حکومت کا سب سے اہم کام یہی ہے کہ ہم وہاں پر dialogue کریں۔ ہم ان سے مذاکرات کریں، وہ ہمارے بھائی ہیں، بے شک وہ ہم سے کچھ خفا ہیں۔ ہمیں چاہیے کہ ہم سب سے زیادہ ان کی ناراضگیوں کو دور کرنے پر توجہ دیں۔ اس کے لیے ہمیں سب سے پہلے یہ کام کرنا ہو گا کہ اس وقت وہاں پر جو پچاس ہزار کے قریب ایف سی کے جوان موجود ہے اور وہ محسوس کرتے ہیں کہ پاکستان نے ہمارے اوپر یہ فوج مسلط کی ہوئی ہے، اسے وہاں سے remove کیا جائے اور ایک جمہوری طریقے سے dialogue شروع کیے جائیں اور صرف ان dialogue تک نہ رہا جائے۔ اگر ہم سمجھتے ہیں کہ صوبے والے کام نہیں کررہے تو وفاق individually role play کرے، وہاں پر progress کرے، وہاں پر development works start کرے۔

جناب والا! ہم یہاں US Congress میں پیش کی گئی resolution کو condemn کررہے ہیں، میں اس سلسلے میں یہ بات کہنا چاہوں گا کہ آیا وہ کون سی وجوہات تھیں جن کی وجہ سے امریکہ نے یہ resolution پیش کی، چاہے اس کی کوئی weightage ہے یا نہیں ہے۔ ہماری foreign policy clearly یہ کہتی ہے کہ پاکستان کسی بھی ملک کے اندرونی معاملات میں دخل نہیں دے گا اور کسی ملک کی دخل اندازی برداشت نہیں کرے گا تو کیا یہ ہماری foreign policy کی ناکامی نہیں ہے کہ آج ایک ملک میں ہمارے خلاف resolution pass ہو رہی ہے؟ اگر وہ resolution pass ہوئی ہے تو پھر کشمیر کے مسئلے پر ایسی کوئی resolution pass کیوں نہیں جو کہ already United Nations میں موجود ہے۔ ہم امریکہ کے ally بنتے ہیں، ہمارے Foreign Office والوں کا کام بنتا ہے کہ ہم ان سے اس پر بات کریں کہ ہم نے United Nations میں ایک مسئلہ پیش کیا ہے، آپ پہلے اس کے حل کی بات کریں بجائے اس کے کہ آپ ہمارے internal affairs میں مزید دخل اندازی کریں۔

جناب والا! میں اپنی بات کا اختتام اس شعر پر کروں گا کہ:

رسوا کرے گی یہ جو نمی چشمِ تر میں ہے
پی جاؤ اشک بات ابھی گھر کی گھر میں ہے

جناب سپیکر: محترمہ یسریٰ فاروق صاحبہ۔

Miss Yusraa Faaruq: Mr. Speaker! I would like to say that being a Balochi, Punjabi or Sindhi whatever province you belong to first of all you are Pakistani. I believe that any Balochi here is no less of a Pakistani than me or anybody from any other province. I would like to say that we need to work upon the economic development of Balochistan because the people like my brother said they have deprived of the resources that they have been producing in Balochistan itself. We need to increase the industrialization and the government needs to support those industries. They need to make the laws that the people employed in those industries are the Balochis himself, so, the individual income will increase. We need to support them and resultantly our imports will increase day by day. Why are we not supporting our home industries? We need to support those Baloch, we need to use those enormous resources that have been bestowed upon us in Balochistan. Why we are not utilizing them? We need to utilize them in such a way that the people himself are getting benefits out of it rather than they feel deprived of the things that they don't have. If such development exists then I am sure that the economic stability of Balochistan and the people would be better of and their income would be better of, perhaps they might feel more apart of our country than they are at the moment. Thank you.

جناب سپیکر: جناب وقاص احمد صاحب۔

Mr. Waquas Ahmed: Mr. Speaker! I would like to say that Pakistan People's Party has made a coalition government and there was a moto of reconciliation and dialogue, they believe in democratic process. So, I don't know why Pakistan People's Party is not going to solve such problems, such big issues in Balochistan by reconciliation, by dialogues, by calling all the stakeholders to….

Mr. Speaker: Don't look forward to Peoples' Party, look to yourself what you are suggesting.

Mr. Waquas Ahmed: So, I believe

میں اس پر یقین رکھتا ہوں کہ جو بھی مسائل حل ہوں وہ through dialogues ہوں اور ایک lack of trust ہو گیا ہے، آپ کہہ سکتے ہیں کہ بلوچ بھائیوں میں ایک lack of trust ہے جس کی وجہ سے ہم پر وہ believe نہیں کرتے ہیں، ان کے ساتھ دھوکے بھی اسی قسم کے ہوئے ہیں، 1997 میں gun point پر ان کے ساتھ جو کچھ کیا گیا اس کے بہت سے شواہد موجود ہیں۔ اس کے متعلق بہت سے لوگوں نے لکھا ہے۔ حال ہی میں حامد میر صاحب نے بھی 3 issues پر کافی لکھا تھا۔ ان کے ساتھ دھوکے اتنے ہوئے ہیں کہ وہ believe نہیں کرتے ۔ دوسری یہ کہ ہماری بھائی نے جو ابھی بات بتائی کہ اصل میں بلوچستان ایک rich land ہے لیکن rich land has a poor people. I am sorry to say that rich Balochistan but poor people of the Balochistan. دوسری بات یہ ہے کہ جو security agencies کا جو role ہے، اس پر بھی ہمیں بات کرنی چاہیےکہ اب اتنی strong securities agencies نہیں رہی ہیں جس طرح کہ وہ پہلا ہوا کرتی تھیں۔ ان کا رول اب بہت حد تک decrease ہو گیا ہے۔ جیسے وہ پہلے strong ہوا کرتی تھیں اب ویسے ان کا رول نہیں ہے۔ اب آپ دیکھیں کہ ان کا pressure and control اب صدر، وزیر اعظم، Leader of the Opposition etc., پر پہلے جیسا نہیں ہے۔ اب تحریک انصاف بھی ان کے خلاف بات کرتی ہے وہ اصغر خان کی petition کو اٹھانے کی بات کرتی ہے۔ اب ان کو سہارا لینا پڑ رہا ہے۔ اب جماعتوں کا ایک coalition ہے، جو ban جماعتیں ہیں یعنی جماعت الدعوۃ وغیرہ جیسی جماعتوں کا ان کو سہارا لینا پڑتا ہے۔ لہذا وہ اتنی strongest نہیں رہی ہیں جیسے پہلے ادوار میں security agencies powerful رہی ہیں۔ یہ پاکستان کے لیے بڑی خوشی کی بات ہے کہ establishment is not too much strong like it in the past. اس کے علاوہ جو امریکہ کے ایوان بالا میں بلوچستان کے متعلق ایک قرارد اد پاس ہوئی ہے ۔ میں کہنا چاہتا ہوں کہ امریکن بھائیوں کو بھی چیز پر سوچنا چاہیےکہ ہمارے ہاں KPK میں drone attacks ہو رہے ہیں، ان پر resolution کیوں نہیں پاس ہوتی ، وہاں پر کتنے لوگ مر جاتے ہیں ، بے گناہ لوگ بھی مرتے ہیں۔ ٹھیک ہے آپ target کرتے ہیں لیکن بعض ایسے بے گناہ بچے بھی مر جاتے ہیں ، ایسی ایسی reports بھی آئی ہیں کہ ایک ہی جگہ

پر دس لوگ بھی مرے ہیں۔ کیا یہ human rights کی violation نہیں ہے، کسی countryکی بارڈر کی violation نہیں ہے، اس پر امریکن نمائندگان آواز کیوں نہیں اٹھاتے؟ دوسری طرف وہ بلوچستان کے معاملے میں فوراً اٹھ کر کھڑے ہو جاتے ہیں، اس کے پیچھے کیا مسائل ہیں ؟ ہمارے جو foreign affairs میں bureaucrats involve ہیں انھیں اس چیز پر غور کرنا چاہیے۔ شکریہ۔

Mr. Speaker: Thank you. Yes, Obaid-ur-Rehman sahib.

جناب عبیدالرحمٰن: شکریہ جناب سپیکر۔ میں حزب اختلاف کو یعنی Green party کو بہت مبارکباد دیتا ہوں کہ وہ بہت منفرد قرار داد یہاں ایوان میں لے کر آئے ہیں۔ قرار داد بہت اچھی پیش کی گئی تھی لیکن اس کے اندر بہت اہم issue یہ تھا کہ کس طریقے سے ان تمام مسائل کو resolve کیا جائے گا۔ ابھی ہمارے سامنے کوئی مثبت mechanism نہیں پیش کیا گیا کہ ایسے کونسے institutional structures ہیں جن کو اگر ہم build کرنا شروع کر دیں تو بلوچستان کے جو دیرینہ مسائل ہیں وہ حل ہو ں گے۔ تاریخ سے جو واقفیت ہے وہ میرے خیال میں عوام کے اندر نہیں ہےوہ عوام میں پھیلائی جانی چاہیے، educational reforms ہونی چاہییں کہ 1947 میں قلات کے ساتھ کیا معاہدہ ہوا تھا، اس کا ہمیں پتا نہیں۔ اسی طریقے سے 1956 میں one unit Act کے خلاف کس قسم کی بلوچستان کے اندر resentment پائی گئی اس کا بھی ہمیں نہیں پتا، ایوب خان کے مارشل لاء کے دوران کیا کیا ہوتا رہا اس کا ہمیں نہیں پتا۔ خیر بخش مری وغیرہ لوگوں کے خلاف حیدر آباد ٹریبونل بنانے والے جو لوگ ہیں اس حوالے سے بھی لوگوں کو آگاہ نہیں کیا گیا۔ جب آگاہی کی سطح اس حد تک نیچے چلی جائے تو صرف یہ کہہ دینے سے کہ grievances ہیں یا ان کو ہمارے ساتھ مسئلے مسائل ہیں ایسے مسئلے حل نہیں ہوتے ، نہ ہی ان کو elaborate کرنا چاہیے، ان کو بتایا جانا چاہیے، لوگوں کے اندر educational reforms آنی چاہییں۔ اس کے اندر میں سمجھتا ہوں کہ میرے پاس 12 points ایسے ہیں کہ جن کو ہمارے ہاں deliberate ہونا چاہیے، جن کے اوپر mechanisms define ہونے چاہییں کیونکہ issues کے متعلق ہم سب کو پتا ہے لیکن وہ کونسے طریقے سے ہیں جن سے یہ مسائل resolve ہوں گے۔ پہلی

بات یہ ہےکہ Truth and Reconciliation Commission بنایا جانا چاہیے، جس طریقے سے South Africa میں بنایا گیا تھا کہ اگر نسلی تضادات ادھر موجود ہیں تو ان تضادات کو ختم کیا جانا چاہیے۔ اب اگر Truth and Reconciliation Commission میں ایک mechanism develop کیا جائے کہ آپ کی کس کس طریقے سے judicial grievances ختم کی جائیں گی ۔ اسی طریقے سے سول سوسائٹی کی integration بہت ضروری ہے۔ اب اگر ہم یہ بات کرتے ہیں کہ Baloch Students' Organizations ہیں ، ہمیں یہ پتا ہی نہیں ہے کہ Baloch Students' Organizations میں کون کون سی organizations ہیں اور وہ کیا کیا باتیں کر رہی ہیں۔ یہ Balochistan Students' Organizations صرف بلوچستان میں کیوں ہیں، وہ پاکستان کے مختلف علاقوں میں کیوں نہیں آتیں، ان سے کیوں بات نہیں کرتیں، ہماری طرف سے ان کو invite کیا جانا چاہیے۔

تیسری بات یہ ہے کہ electoral reforms آنی چاہییں کہ جس طرح سے ہمارے ہاں tribal system موجود ہے تو tribal system کے اندر رہتے ہوئے بھی ، اگر وہ tribal system کو favour کرتے ہیں تو کس طریقے سے tribal reforms کے اندر رہتے ہوئے ایک مثبت مڈل کلاس representation آنی چاہیے۔

اسی طرح جیسے انہوں نے کہا کہ skilled labour کی بات کی جاتی ہے تو وہ skilled labour کہاں سے آئے گی۔ شروع میں تو پنجاب سے یا دوسرے علاقوں سے آئے گی، جب ایک پروفیسر کو kill کیا جاتا ہے اور Chinese Engineers کو hijack کر لیا جاتا ہے تو یہ کیسے skilled labour کو لانے کی بات کرتے ہیں۔ اس چیز کو identify ہونا چاہیے، اگر ہم security forces کو وہاں سے نکال لیں گے تو پھر ان کی protection کے لیے کون سے ادارے ہوں گے۔ اسی طریقے سے جو اہم بات تھی ان کو یہاں recognize کرنی چاہیے تھی کہ NFC award کے ذریعے بلوچستان کا پہلے جو 5% حصہ تھا اسے اب 10% کر دیا گیا ہے، کیا یہ اس بات سے خوش نہیں ہے کہ پنجاب نے اپنا پیٹ کاٹا ہے اور دوسرے صوبوں کو موقع دیا ہے اور ان میں جو ایک backwardness کا عنصر تھا کہ اس پر award دینا چاہیے وہ دے دیا گیا ہے۔ اس چیز کو ایوان میں endorse کیا جانا

